بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 69 | AUGUST 2016 | شمارہ نمبر 05

بانی ادارہ مہتمم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے

یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبر شپ 9000 روپے

لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر: شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر: شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — ماہنامہ جنتری — البیرونی تقویم

ایڈیٹر: شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور 54660
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

گل بخشالوی

اگر جہان میں آتے نہ مصطفیٰؐ اللہ
تو میں فقیر بھلا کیسے جانتا اللہ

بنا دیا ہے یہ عالم خوش نما اللہ
جو یہ نہیں تھا تو موجود تُو ہی تھا اللہ

ہوا یقین کہ واحد ہے اور حقیقت ہے
ہوا جو طُور پہ جلوے میں رُونما اللہ

میں جس مقام پہ سجدے میں تھا ملائک کے
وہی مقام پھر اِک بار کرٗ عطا اللہ

مرے شعور کو بس ایسی روشنی دے دے
لکھوں، میں آپ کی پڑھتا رہوں ثنا اللہ

بس اب رئیس ہے یادوں میں گُل کو رہنے دے
مَیں کیا سے کیا بنوں آخر تو ہے فنا! اللہ

نعت

غالب عرفان

پھر فکر کی ترسیل ہے آقا کا کرم ہے
پھر نعت کی خواہش لیے جنبش میں قلم ہے

پھر ذہن میں پھیلا ہے مرے ایک اُجالا
پھر آنکھیں بجھی جاتی ہیں، گردن مری خم ہے

پھر فہم کے چشمے سے اُبلتے ہیں معانی
پھر عقل میں ایک لفظ، شہنشاہ اُمم ہے

پھر مجھ سے محمدؐ کی زباں کہتی ہے وہ سب
جو وقت کی خواہش ہے، تمنّا کا قدم ہے

پھر اذنِ ہدایت، وہی دورِ مہذب
تاریخ کے اوراق میں کیا کیا نہ رقم ہے

سیرت کے کئی رُخ ہیں، کروں کس کا احاطہ
تفصیل میں صدیوں کی مسافت بھی تو کم ہے

میں کیا ہوں، کہاں مدحتِ عرفاں کا سمندر
یہ سلسلہ حسنِ سعادت، کرم ہے

سلام

مہرو

بہ صدقہ چادرِ زینبؑ و خاکِ پائے حسینؑ
کرم کی بھیک عطا کیجیے خدائے حسینؑ

بھلا جہاں میں کہاں تاب ہے نہایت کی
یہ کربلائے معلّیٰ ہے ابتدائے حسینؑ

مجھے یقیں ہے، سہل ہوں گی مشکلیں ساری
بلند کر کے ذرا دیکھ تو صدائے حسینؑ

فرشتے کاش لحد میں یہ کہہ اُٹھیں مہرو
اِسے ادب سے جگاؤ، یہ ہے گدائے حسینؑ

میں سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی حالت صدمہ میں سانحہ امجد صابری کی ناگہانی شہادت (قتل) پر چند حروفِ تعزیت لکھنے کا سوچ رہا تھا کہ ایک اور صدمہ عبدالستار ایدھی کی وفات سے ہوا۔ یوں تو عام شہری سے آرمی چیف تک سبھی اس سانحے سے دکھی رہے، مگر میرا بہن بلقیس ایدھی صاحبہ سے ذاتی رشتہ بڑی بہن جیسا ہے۔ بھائی بہن کے لیے اور بہن بھائی کے لیے جو دکھ محسوس کر سکتا ہے، وہ یقیناً محسوس کیا۔ مگر پوری پاکستانی قوم کی ایدھی صاحب سے والہانہ عقیدت جان کر دل کو سکون اور صبر بھی ملا۔ میں لکھنا تو مزید چاہتا تھا، مجھے اقبال اور ایدھی کی بات اختر عباس کی ایک مقابلی حالات حاضرہ فی زمانہ عمدہ تحریر ملی تو میں نے اِسے شامل تحریر کر لیا، شاید اس مجھ سے بھی ایسی عمدہ تحریر نہ لکھی جا سکے۔

نہرِ فرات کا پانی عراق میں بہت مشہور تھا۔ گرمی اور پیاس کے مارے قافلوں کو زندگی فراہم کرنے والی اس نہر کا فیض سب کے لیے تھا۔ مگر جس کو اس نہر کا پانی نصیب نہ ہوا، وہ ایک حسینؑ۔

ایک حسین کیا پیاسا رہ گیا، اب دریا لاکھ کناروں سے سر پٹخے، اس کی آشفتہ سری نہیں جاتی۔ اس کی بے چینی نہیں جاتی کہ یہ سب کو سیراب کر گیا مگر حسین کو گلے سے نہ لگا سکا۔

نوبیل انعام آج دنیا کا سب سے بڑا انعام ہے۔ جس کو مل جائے، اس کا سر بلند ہونا لازمی ہو جاتا ہے، لیکن نوبیل انعام کی بدقسمتی رہے گی کہ اسے ایدھی صاحب نہ مل سکے۔

اب کچھ بھی ہو، یہ انعام چاہے کسی کے بھی گلے کی زینت بنے، کچھ کھوٹ سا رہ جائے گا، جیسے سونے میں ایک تار تانبے کی مل جائے۔ کچھ چیزیں اپنی نسبت سے پہچانی جاتی ہیں۔

ایدھی صاحب کو تو نوبیل کی ضرورت نہ تھی، لیکن اگر نوبیل کے نصیب میں ایدھی صاحب لکھ دیے جاتے، تو اس انعام کی قدر و منزلت میں ہی اضافہ ہوتا، اور ہم جیسوں کا بھی مان رہ جاتا۔

یہ انعام بھی کیا ظالم چیز ہے۔ ہم لوگوں کی ٹوٹم پرستی نہ گئی۔ طلسمِ سامری تو ختم ہو گیا لیکن سنہری مجسمے آج بھی ہمارے نظریے کامیابی سے نگل رہے ہیں۔

بچپن سے ایدھی صاحب کو دیکھتے آئے ہیں۔ ایدھی صاحب اپنی لمبی داڑھی کی وجہ سے مذہبی سے لگتے تھے۔ ان دنوں داڑھی والوں کو مولوی کہا جاتا تھا، آج بھی کہا جاتا ہے۔ ہم بھی ایدھی صاحب اور مسجد کے امام صاحب، دونوں کو مولوی کہتے اور سمجھتے تھے، مگر ایک دن محلے کے مولوی صاحب سے ایدھی صاحب کے بارے میں کچھ جملے سنے، ان کے ایمان کے بارے میں، ان کی صفائی کے بارے میں، اور جنت میں جانے نہ جانے کے بارے میں۔

حیرانی سی ہوئی کہ کیسے لمبی داڑھی والوں میں بھی اتنا فرق؟ بہت دیر بعد سمجھ آیا کہ دین کی دو تعریفیں ہیں۔

ایک تعریف اشرافیہ کی تعریف ہے۔ اس میں اگربتی اور عود الحرم ہے، عبا اور قبا ہے، خضاب اور حنا ہے، جمعے کا غسل اور پاک، نجس کے احکام ہیں۔

دین کی دوسری تعریف انبیا کی ہے۔ اس میں رسول اللہ ﷺ کا چٹائی کا بستر ہے، فاطمہ کے ہاتھ پر نشان ڈالتی چکی ہے، اصحابِ صفہ کی بے سروسامانی ہے، ابوذر کے جسم پر لپٹی دھول اور پسینے کی تہہ ہے۔ یہ ہاتھ بڑھانے اور درد بانٹنے والی تعریف ہے، راہ چلتے کتے کے لیے اپنی پگڑی سے پانی لانے اور اس پر جنت کی بشارت والی دنیا ہے۔

پھر سمجھ آیا کہ ایدھی صاحب، مذہبی آدمی تو تھے، مگر اشرافیت کی تعریف پر نہیں، بلکہ انبیا کی تعریف پر تھے۔ وہ اس نبی ﷺ کے سچے پیروکار تھے جس نے مزدور کا حق اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرنے کا حکم دیا، جو خود پر کچرا پھینکنے والی غیر مسلم عورت کے گھر کھانا لے کر گیا، اور جس نے اپنے سے لڑنے آئے ہوئے

دشمنوں کے کراہنے کی آوازیں سن کران کی رسیاں کھلوادیں۔

جب معاشرے ان چاہے بچوں کو کچرے کے ڈھیر میں پھینکتا رہا، تو ایدھی صاحب اپنے جھولوں میں پڑے لاوارث بچوں کی ولدیت کو نکاح کے صیغوں سمجھنے سے انکار کرتے رہے۔ لاوارث پڑی لاش سے کبھی نہ پوچھتے کہ اسے دفن کرنا ہے یا چتا جلانی ہے اور اگر دفن کرنا ہے تو صلیب بنانی ہے یا قرآنی آیات والی تختی۔

عیسیٰ نگری سے آئی کسی کیتھرین کو کلمہ پڑھنے پر مجبور نہ کیا، نہ کبھی ہندوستان جاتی گیتا کو مجبور کیا کہ وہ گائتری منتر نہ سیکھے۔ ہر بدبودار لاش کو یوں گلے لگایا جیسے اپنا عزیز ہو اور ہر یتیم کی شادی پر یوں آئے جیسے اپنے جگر کا ٹکڑا بچھڑ رہا ہو۔

یہ کیسا سینہ تھا جو پرائے دردیوں سنبھال لیتا جیسے اپنے خون کی گردش ہو؟ کیسا دامن تھا کہ جس کی وسعت میں صدیوں کے غم سموجائیں؟

ایدھی صاحب اپنے ادارے میں موجود سینکڑوں مجبوروں کے لیے وارث تو چھوڑ گئے، لیکن ساتھ ساتھ یتیم بھی کر گئے۔ وہ یتیمی جو خون کے رشتے سے نہیں بلکہ روٹی کے نوالے سے بنتی ہے۔

ایدھی کے اندر ایک انقلابی چھپا تھا۔ وہ اناج اگانے والوں اور اناج کھانے والوں کے دسترخوانوں کے فرق کو نہ ہی کارپوریٹ دنیا کی طرح محنت اور ذہانت کی کمی کا نتیجہ قرار دیتے، اور نہ ہی مذہبی طبقے کی طرح ہر ناانصافی کو مشیت الٰہی کہہ کر خاموش ہوجاتے۔

ایدھی صاحب کے اندر وہ انقلابی تھا جو دولت کی تقسیم اور رشتوں کی تذلیل اور اقدار کی تبدیلی پر جلتا تھا، اور نہ صرف جلتا تھا، بلکہ وہ اس خلش کو اس آگ میں تبدیل کردینا چاہتا تھا، جو ہر ناانصافی و ناہمواری کو جلا کر راکھ کردے۔

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی　　　اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

اقبال بھی لینن سے کچھ ایسا ہی شکوہ کرواتے تھے۔

تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں　　　ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات

لیکن اقبال اور اب شاید ایدھی صاحب دونوں کا مسئلہ یہ ہے کہ ان کے چاہنے والوں کو ان کے نظریے سے کوئی غرض نہیں۔ ایک اچھا ایوارڈ، ایک دو پرانی عمارتوں پر ان کا نام اور سال میں ایک یادگاری دن، جسے عام تعطیل قرار دے کر تفریح کا وقت پیدا کیا جائے، معاشرے کی چپ قائم رکھنے کا سستا اور ضمیر شکن انتظام ہے۔

اس سے زیادہ ہم کچھ کرنا نہیں چاہتے کیونکہ اس میں محنت لگتی ہے اور تعصبات و نظریات کے بت ٹوٹتے ہیں۔ ہم اس کے لیے تیار نہ تھے نہ ہیں۔

اس کے بجائے ہماری ہر بحث کی تان آخر نوبیل پرائز پر ہی ٹوٹتی ہے۔ ہر سال ہم منت کرتے ہیں کہ ایدھی کے ایثار اور قربانی پر مغرب کی قبولیت کی ایک مہر لگ جائے تاکہ ہم بھی اپنی بھری جیبوں سے کچھ سکے کھنکھنائیں، کہ اس وقت منڈی میں سب سے اچھے دام ولایتی میڈل کے ہیں۔

مگر ایدھی کے ایثار و قربانی میں اپنا حصہ ڈال کر اس کام کو آگے بڑھانے کی بات ہم سے نہ کی جائے، اور اگر کریں بھی تو صرف فلاحی کاموں کی حد تک۔ ان کے افکار کی تاب لانا کس کے بس کی بات ہے؟

شاید اپنے ضمیر کی تنگ آماجگاہوں میں ہم جانتے ہیں کہ ایدھی کے پیغام میں وہی خطرہ چھپا ہے جو اقبال کے پیغام میں تھا۔ ملوکیت اور اشرافیت کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ یہ اگر ایک شخص سے ہار بھی جائے تو اس کے پیغام کو فلسفے اور رسوم و رواج کی اتنی تہوں میں دبا دیتی ہے کہ ایک کھوکھا باقی رہ جاتا ہے۔

مجسمے بنانے کا فائدہ یہ ہے کہ شخصیت مٹ جاتی ہے۔ لفظوں کے انبار میں نظریہ دب جاتا ہے۔ ویسے بھی نظریے سمجھنا اور ان پر عمل کرنا مشکل کام ہے۔ اس میں تکلیف بڑی ہوتی ہے۔

ایدھی صاحب خوش نصیب ہوں گے اگر ان کے نظریے کو کسی نے سمجھا۔ اگر کسی نے ان کے وجدان کو ایمبولینسوں کی تعداد، ہسپتالوں اور قربانی کی کھالوں کی شماریات سے آگے جانا۔

اگر ان کی جلن، سے ایک اور شمع جل گئی تو غنیمت ہے، ورنہ ہماری قسمت میں وہی اندھیری رات رہے گی جو ایک زمانے سے ہمارا مقدر ہے۔

پوری پاکستانی قوم کے لیے دعاگو **شاہ زنجانی**

حالات ٹیکنو کریٹ حکومت بننے اور 2017ء میں الیکشن کی طرف جاسکتے ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی تنازعے اور سرحدوں پر ایک بار پھر جنگی جھڑپوں کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں ہے

زائچہ (نیو مون):۔ سالگرہ پاکستان کا مہینہ اگست آسمانی کونسل پر ستاروں کی عجیب وغریب اور جنگی نظرات لے کر طلوع ہو رہا ہے۔ زائچہ نیومون تیسرے شمس وقمر قران کرنے سے ملکی سرحدیں خصوصاً افغان پاکستان بارڈرز سرحدوں پر یک دم کشیدگی بڑھنے کا امکان ہے۔ یوم آزادی 14 اگست کے فوراً بعد 18 اگست دسویں حکمران حکومتی پارٹی میں چاندگرہن حکمرانوں کی سیاسی کمزوری تنزلی کی طرف لے جانے کا اشارہ ہے۔ اور انہیں مزید حکومت کرنے کیلئے اخلاقی جواز نہ ملنے کا اشارہ۔ زائچے کے ساتویں گھر قرانِ نحسین مریخ زحل 26,25,24,23,22 اگست لگنے سے زائچہ کا ساتواں نواں دسواں پہلے دوسرے اور چوتھے گھروں کو یہ قران متاثر کرے۔ اور زحل کی (راہو) سے مکمل نظر قائم ہے۔ اور ادھر مشتری طالع کے درجات سے قران کئے ہوئے ہے۔ اپوزیشن سیاسی جماعتیں مل کر حکومت کے خلاف فیصلہ کن تحریک چلائیں، عدلیہ خصوصاً الیکشن کمیشن کا وزیر اعظم کی نااہلی کیلئے گھیراؤ کرے، وتدالعرض پر زہرہ عطارد مشتری اور (راہو) کا اجتماع اور زحل کی ان پر مکمل نظر اندرونِ ملک حکومت کے خلاف جلسے جلوس احتجاجی ریلیاں فیصلہ کن مراحل میں داخل ہوں، حکومت کو اپنی ساکھ اور عزت برقرار رکھنی مشکل ہو جائے، حکومت کو اپنی ساکھ بچانے کیلئے اور سیاسی حکومت آسمانی کونسل پر ستاروں کی پوزیشن کے مطابق پہلے بھی مشورہ دیا جا چکا ہے۔ حکومت اسمبلی کے اندر از خود اپنا سیاسی لیڈر وزیر اعظم تبدیل کرے، بصورت دیگر حکومت کی ہٹ دھرمی کے باعث ان بداثرات کے نتیجہ میں ٹیکنو کریٹ حکومت بننے اور حالات 2017ء میں الیکشن کی طرف جاسکتے ہیں۔ ساتویں گھر قرانِ نحسین مریخ وزحل کے بداثرات ملک کی خارجہ پالیسی کو متاثر کرکے اور بین الاقوامی طور پر حکومت سے خارجہ غلطیاں سرزد ہو سکتی ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی تنازعے اور سرحدوں پر ایک بار پھر جنگی جھڑپوں کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں ہے۔

زائچہ (فل مون):۔ زائچہ فل مون ستاروں کی نشست کے اعتبار سے اسٹیبلشمنٹ اور عسکری اداروں کی ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی لاقانونیت سیاسی انتشار احتجاجی جلسے جلوس اور دھرنوں سے ہونے والے نقصانات سے بچاؤ کیلئے عسکری اور فوجی خدمات ناگزیر دکھائی دیتی ہیں۔ عام حالات میں یہ ملک میں مارشل لاء لگنے جیسے حالات کی نشاندہی کرتا ہے۔ حکمران سیاستدانوں کو اپنے اقتدار کی بقاء اور سلامتی کیلئے ملک کی خاطر سیاسی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ ورنہ ان کی اپنی قربانی ہونے جیسے حالات امکانات دکھائی دیتے ہیں۔ زائچہ فل مون میں 22 تا 26 طالع میں قرانِ نحسین عوام الناس میں حکومت کے خلاف ناخوشی بداعتمادی، بے چینی، ہڑتالیں، مظاہرے، جلسے جلوس، ہنگامے اور آتشزدگی کے واقعات اور جرائم میں اضافے کی سی بے چینی جیسی صورتحال دکھائی دیتی ہے۔ افواج کی سرگرمیوں میں، اندرونی اور بیرونی سرحدوں کی بقاء کیلئے سرگرمیوں میں اضافہ، عوام میں جنگی اور سیاسی جنون کی باتیں عام ہوں۔ میڈیا کی بریکنگ نیوز کا حیرت انگیز گراف بڑھ جائے۔ 14 اگست تا 26 اگست آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ اور خصوصاً یکم ستمبر دسویں سورج گرہن لگنے سے سیاست اور جمہوری نظام کی تبدیلی عوام میں شدید رنج وغم اور خصوصاً ملکی اسٹاک مارکیٹوں میں شدید اُتار چڑھاؤ اور مندے کا رجحان رہے تاہم گولڈ، پراپرٹی، ڈالر، یورو اور پاؤنڈ کی شرح تبادلہ پاکستان کی کرنسی کے اعتبار سے بڑھے۔

اس نحس وقت کی ابتداء 9 اگست 09 بجکر 57 منٹ تا 11 اگست 22 بجکر 24 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

آئینہ قسمت — اگست، ستمبر اور اکتوبر، صاحبانِ عہدہ و مرتبہ افراد کے لیے مشکل مہینے — اگست 2016ء

پاکستان کا مستقبل؟

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

اگست تا اکتوبر حکومتوں کی تبدیلی مشاہدے میں آئی ہے۔ 2016ء کا سال اپنی ابتداء ہی سے خاصا شور وشرابے کا سال۔ اس وقت پاکستان میں سب سے بڑا احتجاجی مسئلہ کرپشن ہے۔ الیکشن کمیشن کا دروازہ کھٹکھٹا دیا ہے تاکہ وزیر اعظم کو نااہل قرار دیا جائے۔ سیاست ایک کاروبار بن چکا ہے۔ آیئے زائچۂ پاکستان پر ایک نظر ڈالتے ہیں تاکہ اگست تا دسمبر سیارگان کے نیک و بد سے آگاہی ہوسکے۔ اگست اور ستمبر کے مہینے کوئی ایسا طوفان کھڑا کرسکتے ہیں جن میں وزیر اعظم کو اپنے عہدے و مرتبے سے ہاتھ دھونا پڑیں۔ سندھ میں گورنر راج بھی آسکتا ہے۔

اگست قیام پاکستان کا مہینہ ہے، تاریخ پاکستان کا مطالعہ کرنے والے اس حقیقت سے باخبر ہیں کہ پاکستان میں اکثر تبدیلیوں کا آغاز بھی اسی مہینے سے ہوتا ہے، شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ پاکستان کا ایک سال اگست کی 15 تاریخ سے شروع ہوتا ہے اور نئے سال کا آغاز ہی کسی تبدیلی کی لہر کو جنم دیتا ہے لہٰذا اگست تا اکتوبر اکثر حکومتوں کی تبدیلی مشاہدے میں آئی ہے، جنرل ایوب خان کا مارشل لاء جس نے پورے ملک کا مزاج بدل کر رکھ دیا، اکتوبر 1958ء میں لگا، البتہ جنرل ضیاء الحق کا مارشل لاء اگست سے ایک مہینہ قبل ہی نمودار ہوگیا تھا مگر خود جنرل صاحب کی حکومت کا خاتمہ 17 اگست 1988ء کو ہوا، اس کے بعد محترمہ بے نظیر وزیر اعظم بنیں اور 6 اگست 1990ء کو ان کی حکومت کا خاتمہ کردیا گیا، ان کے بعد جناب نواز شریف وزیر اعظم بنے، 1993ء میں اگرچہ غالباً اپریل میں اسمبلی توڑ دی گئی تھی مگر وہ سپریم کورٹ سے مقدمہ جیت کر واپس آگئے لیکن اسی سال غالباً ستمبر میں انہیں دوبارہ اقتدار چھوڑنا پڑا اور پھر محترمہ دوسری بار وزیر اعظم بنیں لیکن 4 نومبر 1996ء کو انہیں بھی رخصت ہونا پڑا، نواز شریف پھر وزارت اعظمیٰ کے حق دار ٹھہرے، دوسری بار جنرل پرویز مشرف نے 12 اکتوبر 1999ء کو ان کا تختہ الٹ دیا، خود جنرل پرویز مشرف نے 18 اگست 2008ء کو استعفیٰ دیا، گویا اگست سے شروع ہونے والا پاکستان کا نیا سال ہمیشہ ہنگامہ خیز رہا ہے، ابھی دو سال پہلے جناب عمران خان نے اگست ہی میں لانگ مارچ کیا اور اسلام آباد میں دھرنا دیا۔

ہر سال کی طرح اس سال بھی پاکستان کی سالگرہ یعنی جشن آزادی 14 اگست کو منایا جائے گا، 2016ء کا سال اپنی ابتدا ہی سے خاصا شور و شرابے کا سال رہا ہے لیکن حکومت اپنی جگہ مستحکم رہی ہے، عوام حال سے بے حال ہوئے ہیں، آپریشن ضرب عضب جاری ہے، کراچی میں رینجرز نے دہشت گردی اور جرائم کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، بے شمار گرفتاریاں اور ہلاکتیں سامنے آئی ہیں، بہت سے مجرموں کو پھانسی کی سزائیں دی گئی ہیں، اس سارے پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان کے نئے سال کے پہلے مہینے پر نظر ڈالنا ضروری ہے۔

اس وقت پاکستان میں سب سے بڑا احتجاجی مسئلہ کرپشن ہے، خصوصاً پاناما لیکس کے منظر عام پر آنے کے بعد تقریباً تمام اپوزیشن جماعتیں کرپشن کے خلاف متحد نظر آتی ہیں جن میں تحریک انصاف پیش پیش ہیں، باقی جماعتیں بادل ناخواستہ شریک ہیں خصوصاً پیپلز پارٹی اس مہم جوئی میں اپنے کچھ تحفظات رکھتی ہے کیوں کہ اُسے معلوم ہے کہ جب کرپشن پر بات پھیلے گی تو بہت دور تک جائے گی، صرف نواز شریف ہی نہیں، پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت بھی لپیٹ میں آسکتی ہے۔

رمضان المبارک میں اگرچہ بظاہر یہ معاملہ کچھ ٹھنڈا نظر آیا مگر پیپلز پارٹی نے اس سے کچھ آگے بڑھ کر الیکشن کمیشن کا دروازہ کھٹکھٹا دیا ہے تاکہ وزیر اعظم کو نااہل قرار دیا جائے، حقیقت یہ ہے کہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومتیں اگرچہ جمہوری حکومتیں ہیں مگر جمہور یعنی عوام ان سے بے زار ہو چکے ہیں کیوں

کہ گزشتہ 8 سالہ جمہوری ادوار میں ان کے دکھ اور مصائب میں اضافہ ہی ہوا ہے، انہیں کسی قسم کا ریلیف نہیں مل سکا ہے، اس کے برعکس وہ یہ دیکھ رہے ہیں کہ اہل سیاست نہایت عیش و عشرت کی زندگی گزار رہے ہیں، سیاست ایک کاروبار بن چکا ہے جس کے ذریعے اہل سیاست ارب، کھرب پتی بنتے جا رہے ہیں، ان کی زیر سرپرستی بیورو کریسی بھی کسی سے پیچھے نہیں ہے، بلوچستان کے ایک سیکریٹری خزانہ کے خزانوں کو دیکھ کر عوام کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی ہیں، سندھ کے بعض وزراء اور بیورو کریٹس کی دولت مندی کے افسانے بھی زبان زدِ خاص و عام ہیں، لوگوں کی سمجھ میں نہیں آرہا کہ ہم کدھر جا رہے ہیں اور ملک کدھر جا رہا ہے؟ آیئے زائچہ ء پاکستان پر ایک نظر ڈالتے ہیں تاکہ اگست تا دسمبر سیارگان کے نیک و بد سے آگاہی ہو سکے۔

ہمارے قارئین جانتے ہیں کہ ہم موجودہ یعنی نئے پاکستان کا زائچہ 20 دسمبر 1971ء سہ پہر 14:58:20 pm کے مطابق درست سمجھتے ہیں، اس وقت نئے پاکستان کے پہلے صدر جناب ذوالفقار علی بھٹو نے حلف اٹھایا تھا، اس زائچے کے مطابق طالع پیدائش 3 درجہ 33 دقیقہ ثور اسلام آباد کے افق پر طلوع ہے۔

طالع ثور کے لیے سعد سیارگان عطارد، قمر، شمس اور زحل ہیں جب کہ منحوس سیارگان راہو کیتو کے علاوہ زہرہ، مشتری اور مریخ ہیں، مشتری زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے کیوں کہ آٹھویں گھر کی مول ترکون کا حاکم ہے۔

جولائی کی 15 تاریخ کو بھی زائچے کے ساتویں گھر میں موجود بارھویں گھر کا حاکم مریخ ایسی پوزیشن میں آجائے گا جب وہ زائچے کے پہلے، دوسرے، ساتویں اور دسویں گھر کو متاثر کرے گا، مریخ چوں کہ بارھویں گھر کا حاکم ہے لہٰذا نقصانات، خوف اور عدم اطمینان کی فضا پیدا کرے گا، گویا جولائی سے ہی اپوزیشن اور حکومت کے درمیان محاذ آرائی شدید ہوتی نظر آرہی ہے جس کے خراب اثرات ملک، وزیراعظم اور ان کی کابینہ اور معیشت پر پڑیں گے، اگست کا پہلا ہفتہ ہی داخلی اور حکومتی امور میں انتشار اور ابتری لائے گا۔

واضح رہے کہ اس زائچے کے مطابق پاکستان زائچے کے سب سے منحوس سیارے مشتری کے دور اکبر سے گزر رہا ہے جس کا آغاز یکم دسمبر 2008ء کو ہوا تھا جب کہ دور اصغر فی الحال 8 نومبر 2015ء سے کیتو کا جاری ہے، سیارہ مشتری 12 اگست سے برج تبدیل کرے گا اور ویدک سسٹم کے مطابق برج سنبلہ کے پہلے درجے پر قدم رکھے گا، چوں کہ طالع کے درجات سے اور زائچے کے دیگر اہم گھروں سے ناظر ہو جائے گا لہٰذا اگست ہی میں ایسے مسائل کا آغاز ہو جائے گا جو حکومت کے لیے یقیناً ناخوش گوار ہوں گے، مشتری پانچویں، نویں، بارھویں اور پہلے گھر کو ناظر ہوگا جس کی وجہ سے ملک میں بے چینی، عدم اطمینان، کاروباری نقصانات اور آئینی بحران جنم لے گا، یہ بحران اگست کے آخر تک اپنے عروج پر پہنچ سکتا ہے، اس موقع پر عدالتیں اہم کردار ادا کرتی نظر آتی ہیں اور ساتھ ہی میڈیا کا کردار بھی غیر معمولی ہوگا کیوں کہ مشتری زائچے کے پانچویں اور نویں گھر سے ناظر ہوگا، اس موقع پر بچوں سے متعلق حادثات کے خدشات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، مزید یہ کہ جوڈیشری سے متعلق اہم شخصیات کو بھی خطرات بڑھ جائیں گے، دہشت گردی کے خلاف پہلے سے زیادہ سخت اقدام اور فیصلوں کی ضرورت ہے، سیارہ مریخ 19 ستمبر سے آٹھویں گھر برج قوس میں داخل ہوگا اور فوری طور پر پیدائشی شمس سے قران کرے گا، زائچے کے آٹھویں، گیارھویں، دوسرے اور تیسرے گھروں کو ناظر ہوگا، یہ صورت حال صاحب حیثیت افراد اور اہم عہدوں پر فائز شخصیات کے لیے خطرناک ہو سکتی ہے۔

عزیزان من! زائچہ ء پاکستان کے مطابق حکومت اور ملک کے لیے پاکستان کے نئے سال کا آغاز خوش گوار نظر نہیں آتا، اگست اور ستمبر کے مہینے کوئی ایسا طوفان کھڑا کر سکتے ہیں جن میں وزیراعظم کو اپنے عہدے و مرتبے سے ہاتھ دھونا پڑیں، قومی اسمبلی اپنی مدت پوری نہ کر سکے اور ملک نئے الیکشن کے راستے پر گامزن ہو جائے، واضح رہے کہ 14 اکتوبر سے زائچے میں سیارہ زہرہ کا دور اصغر شروع ہو رہا ہے، زہرہ چھٹے گھر کا حاکم ہے جس کا تعلق فوج، بیورو کریسی اور الیکشن سے ہے، زہرہ کا دور خاصا طویل ہے، 15 جون 2019ء تک جاری رہے گا، اس دور میں اگر الیکشن نہ ہوئے تو فوج کے زیر انتظام کوئی سیٹ اپ سامنے آسکتا ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

کراچی کی سالگرہ

جون کے آخری عشرے میں ہونے والے واقعات میں کراچی ہی نہیں

پورے ملک میں تشویش کی ایک نئی لہر پیدا کردی ہے، یکم جولائی کراچی کی سالگرہ کا دن ہے کیوں کہ ون یونٹ کے خاتمے کے بعد یکم جولائی 1970ء کو کراچی صوبہ سندھ میں شامل ہوا اور اسے سندھ کے دارالحکومت کا درجہ دیا گیا، اس سے پہلے کراچی وفاق کے زیر انتظام تھا گویا کراچی کے نئے سال کا آغاز یکم جولائی سے ہوتا ہے۔

کراچی کا طالع پیدائش (Birth Sign) 7 درجہ 12 دقیقہ برج حوت ہے جو ایک انتہائی حساس آبی برج (Water sign) ہے، اس برج کو اعلیٰ تخلیقی صلاحیتوں کا حامل اور ایک روحانی برج بھی کہا جاتا ہے، کراچی کے زائچے میں راہو کیتو کے علاوہ سیارہ زحل، شمس اور زہرہ فعلی منحوس سیارے ہیں، جون کے آخری عشرے سے سیارہ زحل نویں گھر میں ٹرانزٹ کرتے ہوئے پیدائشی قمر کو متاثر کررہا ہے، قمر زائچے میں پانچویں گھر کا حاکم ہے جس کا تعلق بچوں اور انٹرٹینمنٹ سے ہے، نتیجے کے طور پر نوجوان چیف جسٹس کے صاحب زادے کا اغوا اور ایک نامور فنکار کی شہادت کا سانحہ سامنے آیا۔

سیارہ مشتری راہو کیتو کے ساتھ چھٹے گھر میں حرکت کررہا ہے، اس بات کا امکان موجود ہے کہ موجودہ صورت حال کو کنٹرول کرنے کے لیے مزید سخت اقدام کیے جائیں گے، مذہب کے نام پر یا سیاست کی آڑ میں جرائم کرنے والوں سے زیادہ سختی کے ساتھ نمٹا جائے گا، اس حوالے سے جولائی تا اگست اہم پیش رفت ہوسکے گی لیکن 15 اکتوبر سے 15 نومبر کے درمیان زیادہ اہم وقت ہوگا جس میں مثبت اقدام سامنے آئیں گے۔

ہمارے قارئین کو یاد ہوگا، ہم نے گزشتہ سال کراچی کے زائچے کے حوالے سے نشان دہی کی تھی کہ 2 مارچ 2015ء سے زائچے میں قمر کا دور اصغر شروع ہوگا تو کراچی کے حالات میں نمایاں بہتری آئے گی اور ایسا ہی ہوا، اس سال قمر کا دور ختم ہوا اور یکم جولائی سے زائچے میں مریخ کا دور اصغر شروع ہورہا ہے، مریخ زائچے کا سعد سیارہ ہے لیکن زائچے میں غروب ہے، دوسرے گھر کا حاکم ہے جس کا تعلق ذرائع آمدن اور اسٹیٹس سے ہے، چناں چہ مریخ کا دور جو آئندہ سال 6 جون تک جاری رہے گا، کراچی کے نئے اسٹیٹس کی نشان دہی کررہا ہے، ٹرانزٹ میں سیارہ مریخ نویں گھر میں اچھی پوزیشن رکھتا ہے البتہ اگست میں یہ منحوس سیارہ زحل سے قران کرے گا، یہ منحوس قران تقریباً 24، 25، 26 اگست کو ہوگا اور اس کے نتیجے میں کراچی اور سندھ پر کوئی کالا قانون یا نامناسب حکومتی اقدام سامنے آسکتا ہے جو بہرحال قابل قبول نہیں ہوگا، اس قران کے نتیجے میں سندھ میں گورنر راج بھی آسکتا ہے جس کے نتیجے میں شدید نوعیت کی احتجاجی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے گویا اگست کا مہینہ کراچی اور سندھ کے لیے ایک مشکل مہینہ ثابت ہوسکتا ہے۔

کراچی دنیا کا ایک ایسا عجیب شہر ہے جس کی مثال پوری دنیا میں دوسری کوئی نہیں ہے، یہاں ہر رنگ، نسل، مسلک اور مذہب کے لوگ آباد ہیں، لسانی اعتبار سے بھی کراچی کی آبادی بڑی رنگ برنگی ہے، اس صورت حال کو دیکھتے ہوئے 60 ہجری کی دہائی کا کوفہ یاد آجاتا ہے جہاں بھانت بھانت کے قبائل آباد تھے اور انہیں کسی طرح چین نہیں تھا، سازشیں، شر پسندیاں، بے وفائیاں، دھوکے بازیاں عام تھیں، اس ظالم شہر نے تاریخ اسلام کو جو عظیم نقصانات پہنچائے، وہ اب تاریخ کا حصہ نہیں ہیں، آج کا کراچی کچھ ایسا ہی ہوگیا ہے، اسے سیاسی طور پر کنٹرول کرنے اور پر امن بنانے کی تمام شریفانہ کوششیں ناکام ہوچکی ہیں، شاید اسی لیے کراچی میں رینجرز کو خصوصی اختیارات کے ساتھ تعینات کیا گیا ہے لیکن سیاسی حکومت بھی امن و امان قائم کرنے والی قوتوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، یہ الگ بات ہے کہ دونوں کا رخ مختلف سمتوں میں ہے اور دونوں کو ایک دوسرے سے شکایات ہیں اور یہ شکایات اس سال کے آخر تک زیادہ شدت اختیار کرسکتی ہیں۔

خوش آئند بات یہ ہے کہ سیارہ مشتری جو زائچے کا سعد سیارہ ہے، اب ساتویں گھر میں داخل ہورہا ہے اور سعد نظرات قائم کرے گا جن کے نتیجے میں بہت سے مثبت فیصلے اور اقدام سامنے آئیں گے، وزیراعلیٰ سندھ اور سندھ اسمبلی بھی مشتری کی سعادت سے محروم نہیں رہے گی اور اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کی کوشش کرے گی لیکن مشکل یہ ہے کہ حکومت کے پیروں میں کرپشن کے جو گھونگرو بندھے ہوئے ہیں، ان کی جھنکار وقتاً فوقتاً سنائی دیتی رہے گی۔

وما علینا الا البلاغ

آپؑ کے دادا: امام جعفر صادق علیہ السلام۔

آپؑ کے والد: امام موسیٰ کاظم علیہ السلام۔

آپؑ کی والدہ: تکتم یا طاہرہ، کنیت ام البنین۔

آپؑ کی ولادت: مدینہ منورہ میں بروز جمعرات 11 ذیقعد 48ھ میں تولد ہوئے۔ آپؑ کی کنیت: ابوالحسن۔

آپؑ کے القاب: رضا، صابر، رضی، وفی، صادق اور فاضل۔

آپؑ کی انگوٹھی کا نقش: ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ۔

آپؑ کی ازواج: سبیکہ نوبیہ، ام حبیبہ بنت مامون عباسی۔

آپؑ کی اولاد: امام محمد جواد (تقی) علیہ السلام۔

آپؑ کی تالیفات: 7۔

آپؑ کی ولی عہدی: آپؑ کی ولی عہدی کے عنوان سے 201ھ میں بیعت کی گئی۔

سکہ رضویہ: امامؑ کی ولی عہدی کی بیعت کے بعد آپکے نام کے درہم و دینار کے سکے ڈھالے گئے تھے۔

آپؑ کے زمانے کے بادشاہ: ہارون رشید، امین اور مامون۔

آپؑ کی شہادت: آپؑ نے منگل کے دن 17 صفر 203ھ میں مامون کے دیے ہوئے زہر کے اثر سے وفات پائی۔

آپؑ کی امامت کی مدت: 20 سال۔

آپؑ کی عمر: 55 سال۔

آپؑ کی قبر مطہر: خراسان میں بلند اور نورانیت اور روشنی میں آسمان سے باتیں کرتی ہے، جس کی چوکھٹوں پر سونے کے ڈھیر لگے ہیں۔ مشرق و مغرب سے مسلمان آپؑ کے مزار کی زیارت کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔

آپؑ کی خلافت پر نص: علی بن جعفر کہتے ہیں کہ میں اپنے بھائی موسیٰ بن جعفر علیہ السلام کے پاس تھا۔ آپ میرے والد صلوات اللہ علیہ کے بعد خدا کی حجت تھے کہ اچانک انکا فرزند علیؑ آ گیا تو آپؑ نے مجھ سے کہا کہ اے علی یہ تیرا صاحب (امام) ہے۔ اسکو مجھ سے وہی منزلت حاصل ہے جو مجھے میرے والد سے تھی، خدا تجھے اپنے دین پر ثابت قدم رکھے۔

آنجنابؑ کی عبادت: سیرت اور تراجم کی کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ امام رضا علیہ السلام عبادت کے عاشق تھے، اپنا دن اور رات نماز، روزہ اور قرأت قرآن میں صرف کرتے۔

(1) ابراہیم بن عباس کہتے ہیں کہ آپ کا کلام، آپؑ کے جواب اور آپؑ جو مثالیں دیتے وہ قرآن سے ماخوذ ہوتی تھیں۔ آپؑ ہر تین دن میں ایک قرآن مکمل کرتے، کہا کرتے کہ اگر چاہوں تو تین دن سے پہلے بھی ختم کر سکتا ہوں مگر میں کبھی کسی آیت سے بغیر غور و تامل کے نہیں گزرتا۔ یہ بھی سوچتا اور فکر کرتا ہوں کہ یہ کس چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

(2) رجاء بن ابی اضحاک کو مامون نے امام رضاؑ کو مدینے سے (خراسان) لانے کیلئے بھیجا تھا۔ وہ کہتا ہے کہ خدا کی قسم میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس میں آپؑ سے زیادہ خدا کا تقویٰ ہو، نہ ایسا شخص دیکھا جو آپؑ سے زیادہ اپنے تمام اوقات میں ذکرِ خدا کرتا ہو اور نہ ہی ایسا شخص دیکھا جو آپؑ سے زیادہ شدید خوف خدا رکھنے والا ہو۔

(3) ابراہیم بن عباس کہتے ہیں کہ آپؑ رات کو بہت کم سوتے تھے، بہت زیادہ روزے رکھتے تھے، ہر ماہ کے تین روزے آپؑ سے کبھی نہیں چھوٹے۔ فرماتے تھے کہ یہ روزے پوری عمر کے روزے کے برابر ہیں۔

آپؑ کی سیرت کا ایک گوشہ: (1) ابوالحسنؑ کے یہاں ایک مہمان آیا ہوا تھا، وہ ابھی بیٹھا ہی تھا کہ چراغ میں کچھ خرابی پیدا ہوگئی۔ اس شخص نے چراغ درست کرنے کیلئے ہاتھ بڑھایا تو آپؑ نے اسے منع کیا، خود

چراغ درست کیا اور فرمایا ہم لوگ وہ ہیں کہ اپنے مہمانوں سے خدمت نہیں لیتے۔

(2) امام رضاؑ نے فرمایا کہ میں مدینے کی سڑکوں پر اپنے گھوڑے پر سوار گزرتا تو مدینے کے لوگ اور دوسرے افراد اپنی ضروریات کا ذکر مجھ سے کرتے ہیں، ان کو پورا کرتا تو وہ لوگ میرے چچاؤں کی مانند ہو جاتے۔

(3) آپؑ کا خادم یاسر روایت کرتا ہے کہ جس دن آپؑ نے دنیا سے کوچ کیا آپ بہت ضعیف ہو چکے تھے، نماز ظہر پڑھ کر مجھ سے دریافت فرمایا کہ اے یاسر لوگوں نے کچھ کھانا کھایا۔ میں نے عرض کیا اے میرے آقا و سردار آپؑ اس حالت میں ہیں، یہاں کون کچھ کھائے گا۔ آپؑ سیدھے اُٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا دستر خوان لاؤ۔ اپنے خدم و حشم میں سے سب کو اپنے ساتھ دستر خوان پر بٹھایا، ایک ایک کے بارے میں پوچھا، جب سب کھانا کھا چکے تو آپؑ نے فرمایا کہ عورتوں کے پاس کھانا بھیجو۔ عورتوں کے پاس کھانا بھیجا گیا، جب سب کھا چکے تو آپؑ پر غشی کی کیفیت طاری ہوگئی، ضعف بڑھ گیا اور آخر کار داعی اجل کو لبیک کہا۔

(4) ابو عباد کا کہنا ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام گرمیوں میں بوریے اور چٹائی پر بیٹھتے، سردیوں میں بالوں سے بُنے ہوئے فرش پر۔ آپؑ موٹے جھوٹے کپڑے پہنتے، جب لوگوں کیلئے باہر نکلتے تو پھر انکے لیے زینت کرتے اور اچھا لباس پہن لیتے۔

آپؑ کا اپنے غلاموں اور خادموں کیساتھ رویہ: (1) ابراہیم بن عباس امام رضاؑ سے اپنی حدیث و گفتگو میں کہتا ہے جب آپؑ تنہا ہوتے اور دستر خوان بچھایا جاتا تو اپنے غلاموں اور خادموں کو اپنے ساتھ دستر خوان پر بٹھاتے۔ یہاں تک کہ دربان اور سائیس کو بھی۔

(2) انکے خادم یاسر سے روایت ہے کہ امام رضاؑ جب اکیلے ہوتے تو اپنے تمام خدم و حشم چھوٹے اور بڑے کو اکٹھا کرتے اور ان سے باتیں کرتے اور ان سے مانوس ہوتے اور انہیں مانوس کرتے۔

آپؑ کے عطیات اور صدقات: (1) آپؑ نیکی، احسان اور صدقہ بہت کرتے تھے اور یہ عمل زیادہ تر آپؑ تاریک راتوں میں انجام دیتے۔

(2) آپؑ نے عرفہ کے دن خراسان میں اپنا سارا مال (فقراء اور مساکین میں) تقسیم کر دیا۔ اس پر فضل بن سہل نے آپؑ سے کہا کہ یہ تو خسارہ ہے۔ آپؑ نے جواب میں فرمایا بلکہ یہ غنیمت اور سود مند بات ہے، اس چیز کو خسارہ اور تاوان نہ خیال کرو جس سے تم کو اجر و کرم کی امید ہو۔

آپؑ کی وصیت: آپؑ کی وصیت ہے: اپنے قریبی سے صلہ رحمی کر، گرچہ پانی کے ایک گھونٹ سے ہو، اپنے کسی قرابت دار سے صلہ رحمی کا افضل طریقہ اس سے اذیت و تکلیف کو روکنا ہے۔ ولا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی "اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور اذیت و تکلیف دے کر باطل نہ کرو۔

آپؑ کے کلمات اور حکمت کی باتیں: (1) آپؑ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کو اسکی مخلوق سے تشبیہ دے وہ مشرک ہے اور جو اللہ کی طرف اس چیز کی نسبت دے جس سے اس نے منع کیا ہے وہ کافر ہے۔

(2) ہر شخص کا دوست اسکی عقل ہے اور اسکا دشمن اسکی جہالت ہے۔

(3) نماز ہر متقی کیلئے قرب الٰہی کا باعث ہے۔

(4) سخی اللہ سے قریب ہوتا ہے، جنت سے قریب ہوتا ہے اور لوگوں سے قریب ہوتا ہے، جہنم کی آگ سے دور ہوتا ہے۔

(5) صاحب نعمت کو چاہیے کہ اپنے اہل و عیال کو وسعت و فراخی میں رکھے۔

(6) وہ شخص سزا سے نہیں بچ سکتا جو ظلم اور زیادتی کے ذریعے کھاتا ہے۔

آپؑ کی بعض دعائیں: (1) آپؑ کی ایک دعا ہے: (اللھم اعطنی الھدی و ثبتنی علیہ، و احشرنی علیہ امنا، امن من لا خوف علیہ، ولا حزن، ولا جزع، انک اھل التقوی و اھل المغفرۃ)۔

ترجمہ: خدایا مجھے ہدایت عطا کر اور اس پر مجھے ثابت قدم رکھ مجھے اسی پر امن و امان کیساتھ محشر کر، اس شخص ایسا امن جس پر نہ خوف ہو اور نہ حزن و ملال۔ نہ جزع و فزع بیشک تو اہل تقویٰ اور اہل مغفرت ہے۔

(2) یہ دعا قنوت سے متعلق ہے: (رب اغفر وارحم، و تجاوز عما تعلیم، انک انت الاعز الاجل الاکرم)۔

امام علی رضاؑ بڑے لوگوں کی نگاہ میں:

(1) محمد بن جعفرؑ بن محمدؑ (امام رضاؑ کے چچا) سے مامون نے آپؑ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ وہ ایسے عالم ہیں جن کو ہم نے کسی اور اہل علم کے پاس (حصول علم کیلئے) آتے جاتے نہیں دیکھا۔

(2) رجا ابن ابی ضحاک نے کہا کہ خدا کی قسم میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس میں آپ سے زیادہ اللہ کا تقویٰ ہو، اپنے تمام اوقات میں آپؑ سے زیادہ اللہ کا ذکر کرتا ہو اور اللہ عزوجل کا آپؑ سے زیادہ شدید خوف رکھتا ہو۔

فرمانِ امام علی رضاؑ صدقہ کے بارے میں:

آدمی کی بہترین پونجی صدقہ ہے۔ (عیون الاخبار، جلد 2)

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اگست 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف با ادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالُ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَة اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّ انْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاء يَا نُقَبَاء يَا نُجَبَاء يَا اَبْدَال يَا اَوْتَاد يَا قُطْب يَا غَوْث اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَة مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تثلیث شمس زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 31 جولائی 22 بجکر 14 منٹ مکمل نظر یکم اگست 22 بجکر 49 منٹ اور خاتمہ نظر 2 اگست 23 بجکر 25 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول ترقی، کشادگی رزق الغرض ہر نیک مقصد کیلئے ساعت شمس میں نقش نادعلیؑ زعفران سے لکھ کر دو نفل حاجت ادا کرکے باپرہیز پاس رکھیں۔

٧٨٦			
١٥٩٦	١٦٠٩	١٦٠٦	١٦٠٣
١٦٠٧	١٦٠٢	١٥٩٧	١٦٠٨
١٦٠١	١٦٠٤	١٦١١	١٥٩٨
١٦١٠	١٥٩٩	١٦٠٠	١٦٠٥

تربیع زہرہ مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 6 اگست صفر بجکر 16 منٹ مکمل نظر 7 اگست 5 بجکر 20 منٹ اور خاتمہ نظر 7 اگست 20 بجکر 3 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز مرد و زن کی محبت کے خاتمہ کیلئے سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش آگے ملاحظہ کریں)

تربیع عطارد زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 6 اگست صفر بجکر 46 منٹ مکمل نظر 6 اگست 18 بجکر 20 منٹ اور خاتمہ 7 اگست 3 بجکر 16 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کو منتشر اور ذلیل کرنا اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر ویران درخت سے باندھیں یا احاطہ قبور میں دفنائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

٧٨٦		
٢٢٩	١٨٣٨	٦٨٧
١١٤٥	یہاں مقصد لکھیں	١٦٠٩
١٣٨٠	٩١٦	٤٥٨

تربیع زہرہ زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 12 اگست 23 بجکر 58 منٹ۔ مکمل نظر 13 اگست 19 بجکر 20 منٹ اور خاتمہ نظر 14 اگست 5 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں نفاق، بغض وعداوت، فتنہ وفساد پیدا کرنا اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ مائدہ کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ میں لکھ کر ساعت زحل میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

٧٨٦		
٧٠٧١٢	٥٦٥٦٩٨	٢١٢١٣٦
٣٥٣٥٦٠	یہاں مقصد لکھیں	٤٩٤٩٨٦
٤٢٤٢٧٤	٢٨٢٨٤٨	١٤١٤٢٤

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 20 اگست 14 بجکر 13 منٹ مکمل نظر 22 اگست 14 بجکر 13 منٹ اور خاتمہ نظر 23 اگست 19 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر خلائق وافسران، ترقی، علم و دانش کیلئے سورۃ یوسف یا سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش ساعت مشتری میں لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں یا دو نفل حاجت کے ادا کرکے پھلدار درخت سے باندھیں۔

٧٨٦		
١٨٤٥٠	١٤٧٦١٠	٥٥٣٥٠
٩٢٢٥٠	یہاں مقصد لکھیں	١٢٨١٦٠
١١٠٧١٠	٧٣٨٠٠	٣٦٩٠٠

قران مریخ زحل: اس ماہ کی سب سے نحس نظر جسے قرانِ نحسین کہا جاتا ہے کی ابتداء 22 اگست 16 بجکر 20 منٹ، مکمل نظر 24 اگست 16 بجکر 25 منٹ اور خاتمہ نظر 25 اگست 16 بجکر 11 منٹ پر ہوگا۔ کسی بھی جائز مقصد کیلئے جس میں دشمنوں پر غلبہ پانا، اُن میں نفاق اور ذلیل وخوار کرنے کیلئے سورۃ فیل کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ یا زحل میں تیار کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

٧٨٦		
٦٨٨	٣٩٠٧	١٤٦٤
٢٤٤٠	یہاں مقصد لکھیں	٣٤١٩
٢٩٣١	١٩٥٢	٩٧٦

قران زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 27 اگست 3 بجکر 55 منٹ، مکمل نظر 28 اگست 3 بجکر 28 منٹ اور خاتمہ نظر 28 اگست 15 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات اور ہر قسم کی خیر وبرکت کیلئے وظائف کئے جاسکتے ہیں۔ الفت ومحبت اور پسند کی شادی کیلئے سورۃ یوسف اور سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔ دیگر تسخیر محبت کیلئے پلائے بھی جاسکتے ہیں۔

(ذیل میں دونوں نقوش دیئے جاچکے ہیں)

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 28 اگست 12 بجکر 54 منٹ، مکمل نظر 29 اگست 11 بجکر 30 منٹ اور خاتمہ نظر 29 اگست 21 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔ الفت ومحبت، حصول علم، موسیقی و آرٹ کیلئے نقش سورۃ یوسف کو ساعت زہرہ میں بنا کر پاس رکھیں یا پھلدار درخت سے لٹکائیں۔

٧٨٦		
٤١٩٩٨	٣٣٥٩٨٨	١٢٥٩٩٤
٢٠٩٩٩٠	یہاں مقصد لکھیں	٢٩٣٩٩٠
٢٥١٩٩٢	١٦٧٩٩٢	٨٣٩٩٦

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

شرفِ عطارد

از انتخاب: سید مصور علی زنجانی

اس سال یہ خاص وقت 10 اگست بوقت رات 12 بجکر 34 منٹ تا 11 اگست رات 8 بجکر 15 منٹ تک ہوگا۔ خوب سے خوب محبت سے عمل تیار کریں، انشاءاللہ ضرور فائدہ ہوگا، جو بھی کام ہوگا، وہ سونا چاندی کی مخلوط دھات یا جست یا سکہ پر کریں۔ اس دن اور وقت کی مناسبت سے ایک عمل بحالی ملازمت دے رہا ہوں۔ یاد رہے کہ اس موقع پر طلباء کے لیے ہر امتحان میں کامیابی کے لیے خصوصی الواح تیار ہوتی ہیں۔ میرا تجربہ ہے کہ اس لوح کی برکت سے طالب علم کا ذہن بہت طاقتور ہو جاتا ہے اور ہر امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوتا ہے۔

اس دفعہ حصولِ ملازمت یا ترقی یا بیرون ملک ملازمت کے لیے خصوصی نقش تیار کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے آیت مبارکہ اِن اللہ ھُوَ الرّزاقُ ذُوالقوۃِ المتین○ کی روحانیت سے مدد لیں گے۔ اس آیت پاک کے اعداد 2241 ہیں، اس کا مؤکل امرغائیل ہے، ہم عام نقش مربع کی بجائے نقش ذوالکتابت تیار کریں گے، عام نقوش کی نسبت نقش ذوالکتابت زیادہ مؤثر ہوتا ہے، کیونکہ اس کے اوپری خانوں میں مقصد آجاتا ہے۔ آج کل لوگ بیرونِ ملک ویزہ کے حصول یا امریکہ لاٹری سسٹم کے لیے بہت کوشاں ہیں۔ یہ عمل ان لوگوں کے لیے ایک مؤثر ترین ذریعہ ہے۔ طریقہ لکھ رہا ہوں، غور اور توجہ سے تیار کریں، اس سے آسان عمل نہ ملے گا۔

نام سائل: ثقلین رضا بن امۃ البتول، اعداد: 3601

مقصد: ملک برطانیہ ملازمت، اعداد: 885

آیت مبارکہ: ان اللہ ھو الرزاقُ ذوالقوۃ المتین○

آیت مبارکہ کے اعداد: 2241

۷۸۶

جبرائیل

ثقلین رضا بن امت البتول	ملک برطانیہ ملازمت	ان اللہ ھو الرزاق	ذوالقوۃ المتین
۴۶۸	۱۷۷۲	۳۶۰۲	۸۸۴
۱۷۷۲	۴۶۵	۸۸۷	۲۶۰۲
۸۸۶	۲۶۰۳	۱۷۷۱	۴۶۶

الٰہی اس نقش کی برکت سے ثقلین رضا بن امۃ البتول کی ملک برطانیہ میں ملازمت کے اسباب پیدا فرما

نقش کا ہر طرف سے میزان برابر آئے گا، نقش گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں اور ساتھ ہی آیت پاک کا ورد کریں، انشاءاللہ 90 دنوں میں مقصد حل ہوگا۔

اس لوح کے اِرد گرد وہ الفاظ لکھنے چاہیے، جو مخالف کے نام بمعہ والدہ میں حروف صوامت کی تکسیر کرنے سے پیدا ہوئے ہوں،اس لوح کو طالب اپنے بازوئے راست پر باندھے۔

اول نام معہ والدہ طالب کا لکھیں، پھر اسم المعز المجید کو لکھیں، پھر افسر کا نام معہ عہدہ لکھیں، اب ایک سطر میں فرداً فرداً تمام حروف کو لکھ کر صدر مؤخر کریں۔اس کے بعد افسر کا نام معہ عہدہ لکھ کر اس کو حروف صوامت (ا ح د ر س ص ط ع ك ل م و ہ) میں امتزاج دیں، یعنی ایک حرف کا نام لیں۔ایک صوامت کا لیں، اس سے نئی سطر کے حروف جفت ہوں تو چار چار کلمات بنائیں۔طاق ہوں تو پانچ پانچ کے کلمات بنائیں اور ان کو نقش کے چاروں طرف ایک ایک بار لکھ دیں۔اب چاروں طرف درمیان میں اسماء لکھ دیں۔(1) یاطهیال (2) یا مکیال (3) یااصباؤث۔ (4) یااهیا اس کے بعد چاروں مؤکلات لکھے

نحوست عطارد اور اس کا تدارک۔اگر کسی کے زائچہ پیدائش میں کمزور و نحس حالت میں واقع ہو تو منسوبات عطارد کے تحت حامل کو نقصان رہتا ہے۔نحوست سے محفوظ رہنا مطلوب ہو تو ذیل طلسم کو شرف یا اوج عطارد کے اوقات میں کندہ کر کے پاس رکھیں، نحوستِ عطارد زائل ہوگا،طلسم عطارد کا یہ ہے:

سـ ـعـ ـجـ ـلـ ـو
عجلوا عجلوا عجلوا

اور خاتم عطارد

۳

۷۶۱۳۷۹ | یاعلی یاعظیم | ۷۴۸۹۴

۹۱۴

چال مدس کی یہ ہے:

۱	۷	۱۳	۲۴	۳۰	۳۶
۱۲	۱۷	۳۵	۳	۱۹	۲۵
۳۲	۲۸	۲۱	۱۴	۱۰	۶
۱۸	۳۱	۱۱	۲۹	۲	۲۰
۲۲	۵	۲۷	۸	۳۴	۱۵
۲۶	۲۳	۴	۳۳	۱۶	۹

اصل نقش یہ ہے:

۷۸۶

اش ح ود ک ر

اشحو یاطهیال جبرائیل دکرت

۲۵۵۱	۲۵۵۷	۲۵۶۳	۲۵۷۵	۲۵۸۱	۲۵۸۷
۲۵۶۲	۲۵۶۷	۲۵۸۶	۲۵۵۳	۲۵۷۰	۲۵۷۶
۲۵۸۳	۲۵۷۹	۲۵۷۲	۲۵۶۴	۲۵۶۰	۲۵۵۶
۲۵۶۸	۲۵۸۲	۲۵۶۱	۲۵۸۰	۲۵۵۲	۲۵۷۱
۲۵۷۳	۲۵۵۵	۲۵۷۸	۲۵۵۸	۲۵۸۵	۲۵۶۵
۲۵۷۷	۲۵۷۴	۲۵۵۴	۲۵۸۴	۲۵۶۶	۲۵۵۹

بحق یاعز یامجید تسنیم بنت زید کو عروج و کامیابی عطا فرما

حصول علم: علم مکمل کرنے اور اس کے حصول کا ذریعہ بنانے اور کند ذہنی کو دور کرنے کے لیے ذیل کی لوح کا نقش تیار کریں اور پاس رکھیں۔جو لوگ ملازم یافتہ ہوں کہ ان کی ملازمت صدا رہے اور ترقی پانے کے لیے بھی نقش ہمیشہ پاس رکھنا چاہیے۔

اس نقش کے نیچے اللهم اجعل لی فی قلبی نورا و بصرا ونهما ماو علما انك علی كل شئ قدير ، کامیابی امتحان کے لیے تئوتی الملك من تشاء کا مربع نقش آتشی چال کا بنائیں اس کے اعداد 179 ہیں، نیچے یہ لکھیں۔رب يسر ولا تعسر و تعم بالخيريہ نقش کسی بھی مقابلہ کے امتحان میں مدد دے گا۔

قل	رب زدنی	علمًا	وارزقنی فهما
۱۴۲	۴۹۹	۱۳۱	۲۷۲
۴۹۸	۱۳۹	۲۷۵	۱۳۲
۲۷۴	۱۳۳	۴۹۷	۱۴۰

ازتحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، کاکاخیل

رحمکاریہ جفر شرفِ عطارد

اس سال شرف عطارد 10 اگست 2016ء بوقت 12 بجکر 34 منٹ سے لے کر 10 اگست 2016ء بوقت 20 بجکر 15 منٹ تک ہوگا۔

بشرطِ عطارد میں اکثر عاملین جفر کامیابی امتحان کے لیے عمل تیار کرتے ہیں۔اس وقت لوحِ تسخیر دولت کے ایک عمل کے ساتھ حاضر ہوں۔عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

(1) حرف "الف" ملفوظی اعداد: 111

(2) قرآن پاک میں الف کی تعداد: 48876

اب 111 کو 48876 میں ضرب دیں گے۔

کل اعداد: 5425236

(3) الف سے اسم اعظم اللہ اول آخر احد اعداد: 917

(4) حرف الف کا مؤکل اسرافیل اعداد: 383

(5) مقصد دولت اعداد: 440

طالب شعیب الرحمٰن: 712

کل مجموعوں کے اعداد: 5427688

تفریق: 3330 باقی: 5424358

تقسیم: 4 باقی: 2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ

حاصل تقسیم: 1356089

حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانے میں 111 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا کافی کا ورد کریں۔

اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔لوح تانبہ کی تختی پر تیار کریں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اللہ

وکیل

محمد رسول اللہ

فتاح عظیم

اِس سال شرف عطارد (10) اگست کی رات (00:34) منٹ سے (20:15) منٹ تک رہے گی۔ شرف عطارد میں کامیابی امتحانات کیلئے ایک فتح نامہ پیش کرتا ہوں وہ لوگ جو آئے دن پریشان رہتے ہوں۔ جادو ٹونہ، پری، بھوت، چڑیل، آسیب، گھر میں چیزیں گم ہو جاتی ہوں، کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہوں، کرنا کچھ ہوتا ہو، ہوتا کچھ ہو، گھر میں آئے دن بیماری رہتی ہو، دل ہر وقت ڈوبا رہتا ہو، آئے دن کوئی نہ کوئی مصیبت گھر میں لگی رہتی ہو تو یہ طلسم کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ وہ لوگ جو امراض شوگر، امراض معدہ، امراض کینسر میں مبتلا ہوں، بلڈ پریشر ہائی رہتا ہو، تو انکے لئے یہ لوح شفا کی ضمانت بنے گی۔ آجکل بچے زیادہ تر بیمار رہتے ہیں یہ لوح خالص چاندی کی پلیٹ پر یا سفید کاغذ پر یا زعفران سے سفید کاغذ پر بنوا کر پاس رکھیں جب یہ تیار ہو جائے تو گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کریں۔ اسکا ثواب پنجتن پاکؑ کو ہدیہ کریں۔

طلسم برج دلو اوج مشتری اوج زحل میں تیار کر کے پاس رکھیں۔ اس کی برکت سے ساڑھ ستی بھی ختم ہو جائے گی اور رزق بھی فراخ ہو جائے گا۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

حرف "ت" اعداد=400 کل حروف قرآن پاک میں "ت"=10199 اب کل حروف "ت" قرآن پاک کو ضرب دیں گے۔ 400x10199 کل اعداد=4079600 اِسم اعظم تَوّابُ=409 آیت تؤتی الملك من تشآءُ اعداد=1729 کل اعداد =2138 نمبر 1 سورۃ توبہ اعداد =703615 نمبر 2 سورہ تحریم =49232 نمبر 3 سورۃ الٰیسین اعداد=763084 طالب ابوعبداللہ معہ والدہ=712 کل مجموعوں کے اعداد=4845534 تفریق=12000 باقی=4833534 تقسیم=4 حاصل تقسیم=1208383 باقی=2 تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ۔ اب حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 400 کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اجب یا عزرائیل بِحقِّ "ت" کا ورد کریں۔ اس طرح میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔

٨	١١	١۴	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	۵	۴	١۵

رحمکاریہ جفر
طلسم برج جدی

اوج زحل اوج مشتری میں طلسم برج جدی بنوا کر پاس رکھیں۔ اسکی برکت سے نحوست ساڑھ ستی ہٹ جائے گی۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔
نمبر 1 سورہ حجر اعداد قمری =176709 طالب ابوعبداللہ معہ والدہ =712 مقصد فتوحات اعظم یَا فَتَّاحُ اعداد =177910 تفریق =540 باقی =177370 تقسیم =4 باقی =2 تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم =44342 کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں (18) کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اسم اعظم یَا حَیُّ کا ورد کریں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

طلسم برج قوس ترقی مرتبہ فراخی رزق کیلئے پُر تاثیر عمل ہے یہ اوج مشتری اوج زحل میں یہ طلسم تیار کر کے پاس رکھیں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔
نمبر 1 سورہ النصر اعداد قمری =6124 نمبر 2 مقصد ترقی اسم اعظم یَا رَافِعُ اعداد =351 طالب ابوعبداللہ معہ والدہ =712 کل اعداد =7187 تفریق =4110 باقی =3077 تقسیم =4 باقی =1 تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ کریں۔ حاصل تقسیم 769 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 137 کا اضافہ کریں۔ اور ساتھ میں اسم اعظم یَا وَاسِعُ کا ورد کریں۔ یہ رحمکاریہ جفر کا معجزہ ہے میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں کہ یہ عمل اپنے لئے تیار کروائیں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

رحمکاریہ جفر
طلسم برج حوت

اوج مشتری اوج زحل میں طلسم برج حوت تیار کر کے پاس رکھیں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ نمبر 1 سات سلام معہ بسم اللہ شریف اعداد =7645 نمبر 2 طالب ابوعبداللہ معہ والدہ =712 مقصد رجوع خلق =1009 کل اعداد =9366 تفریق =3930 باقی =5436 تقسیم =4 حاصل تقسیم =1359 کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں (131) کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یَا سَلَّامُ کا ورد کریں۔
اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دُعائے خیر کریں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آپ کے زائچہ کے جس گھر میں گرہن لگے گا اُس گھر کے امور عمل میں آجائیں گے۔ زمانہ قدیم میں گرہنوں کو بدشگونی کی علامت سمجھا جاتا تھا کیونکہ گرہنوں کے دوران بہت اہم تبدیلیاں رونماء ہوتی ہیں لیکن اِس میں بہتر پہلو بھی شامل ہے۔ گرہنوں کے دوران کسی بھی کام کی ابتداء سے منع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کی شادی ہو رہی ہے، کاروبار شروع کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، کسی کام کو وسیع کرنے کا سوچ رہے ہیں یا پھر جیون ساتھی کی تلاش کر رہے ہیں تو گرہن ان کاموں کے لئے ٹھیک نہیں ہے۔ لیکن اگر آپ کسی جگہ سے واپسی چاہتے ہیں، علاج کروانا چاہتے ہیں، ملازمت ترقی کرنا چاہتے ہیں، رشتہ داری یا تعلق ختم کرنا چاہتے ہیں، یا گھر کی صفائی کرنا چاہتے ہیں پھر گرہن آپ کے لئے ٹھیک ہے۔

سورج گرہن:

جزوی ہالہ سورج گرہن برج سنبلہ کے 9 درجہ 21 دقیقہ یکم ستمبر 2016ء کو ابتداء 12 بجکر صفر منٹ، مکمل گرہن 14 بجکر 7 منٹ اور خاتمہ گرہن 15 بجکر 5 منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن افریقہ، بحر ہند، بحر اوقیانوس، وسطی افریقہ، مڈغاسکر، بھارت کے ساتھ پاکستان میں دکھائی دے گا۔

گرہنوں کو سمجھنے کی کوشش:

1:۔ گرہن زندگی کے اہم واقعات کی خبر دیتے ہیں۔

2:۔ تمام گرہنوں کیساتھ کچھ چیزیں ختم ہو جاتی ہیں اور کچھ شروع ہو جاتی ہیں۔

3:۔ ہر گرہن آپس میں جڑا ہوا ہے جیسے موتیوں کی مالا۔

4:۔ گرہن اتفاقاً ایسے واقعات لے کر آتے ہیں جسکی آپکو توقع نا ہو اور اُنکے اثرات آپکے اختیار سے باہر ہوتے ہیں۔ اِن واقعات سے آپکی زندگی میں تبدیلیاں رونماء ہوتی ہیں۔

چاند گرہن:

ہالہ دار چاند گرہن برج دلو کے 25 درجہ 52 دقیقہ پر لگے گا۔ اس کی ابتداء 18 اگست 12 بجکر 33 منٹ، مکمل گرہن 14 بجکر 25 منٹ اور خاتمہ گرہن 15 بجکر 21 منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن براعظم امریکہ اور متعلقہ سمندری حدود بحر الکاہل کے بڑے حصہ میں دکھائی دے گا۔

5:۔ گرہن آپکے احساسات کو تیز کرتے ہیں۔

6:۔ گرہن کا کام ہے زندگی میں حق لانا اور چونکا دینے والا آپکے سامنے ظاہر کرنا۔

7:۔ خاص طور پر چاند گرہن آپکے کسی قریبی کو جانچنے کیلئے مدد کرے۔

8:۔ گرہن کے دوران کوئی فیصلہ ہو جائے تو اُس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی اُسکو اپنا کر آگے بڑھ جائیں۔

9:۔ کوئی بھی خبر آپ تک پہنچے اسکو سنجیدگی سے لیں۔

10:۔ اگر آپکی سالگرہ سے 5 دن پہلے گرہن ہوں تو آپکی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔

11:۔ گرہن ہمیشہ غیر متوقع تبدیلیاں لاتے ہیں۔

12:۔ کبھی کبھار ایک اہم شخص آپکی زندگی سے چلا جائے گا۔

13:۔ گرہنوں کے دوران کوئی بھی حتمی فیصلہ نا کریں۔

14:۔ اگر گرہن آپکے پیدائشی برج میں لگا ہے پھر آپکو فائدہ مل سکتا ہے۔

15:۔ 19 سال کے بعد گرہن دوبارہ عین مطابق اُسی درجات کو دہراتے ہیں۔

16:۔ ہر سال آنے والے 4 گرہن اُسی درجہ پر آئیں گے جو 19 سال پہلے آئے تھے۔

17:۔ خاص طور پر چاند گرہن آپکو زیادہ جذباتی بنا دیتا ہے۔

18:۔ کبھی بھی گرہنوں کو اچھا اور برا نا سمجھیں یہ ہمیشہ اچانک تبدیلیاں لاتے ہیں اور اُنکے اثرات کو سمجھنے میں کچھ دن لگ جاتے ہیں۔

19:۔ گرہن آپکو وہ کام کرنے میں مدد دیں گے جو آپکو لگتا ہے آپ کبھی نہیں کر سکتے۔

20:۔ ضروری نہیں ہر گرہن بُرے اثرات دے کچھ دیتے ہیں کچھ نہیں۔

گرہن کا زائچوں میں ڈرامائی انداز ہوتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ ڈرامائی ہتھیار ہے یہ کائنات ہماری توجہ اُن چیزوں پر دلاتی ہے جن کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ گرہن ہمیں آگاہی، حیرانی اور آگے بڑھنا سکھاتے ہیں۔ یہ ہمیں جھنجھوڑتے ہیں تا کہ ہم غلطیاں نا دھرائیں۔ گرہن ہم سے تبدیلی چاہتے ہیں اور جو ہم کرتے ہیں۔

ہر سال ہماری توجہ یہ ہوتی ہے کہ اِس سال کتنے گرہن لگیں گے۔ زائچہ کے کس گھر اور کن درجات پر ہونگے۔ عموماً سال میں 4 گرہن لگتے ہیں۔ 2011ء میں 6 گرہن لگے تھے اور ایک اضافی گرہن سال کے شروع دن میں لگا تھا۔ اِس طرح 7 گرہن کافی کم وقت میں لگے تھے جسکی وجہ سے 2011ء ایک مشکل سال تھا کیونکہ گرہنوں نے کم عرصہ میں بہت ساری چیزوں کا مطالبہ کیا تھا۔

جیسا کہ ہمیں پتا ہے کہ 13 ستمبر کو سورج اور 28 ستمبر کو چاند گرہن لگے گا۔ ہماری زندگی پر گرہنوں کے اثرات گرہن لگنے کے دن سے لیکر پانچ ماہ تک رہتے ہیں۔ جب تک اگلا گرہن نہیں لگ جاتا۔

زائچہ میں گرہن کیسے اثر انداز ہوتے ہیں:

ہمیشہ گرہن کا مطلب بحران سمجھا جاتا ہے۔ اب بحران لازمی طور پر ایک بُری چیز نہیں ہے۔ تاہم زائچہ میں جہاں سے بھی گرہن گزرتا ہے وہاں کچھ تبدیلیاں رونما کرتا ہے یا آپکی توجہ اگلے 5 ماہ کیلئے اُن معمولات میں بھڑ جاتی ہے۔ شمسی گرہن کی اہمیت چاند گرہن سے زیادہ ہوتی ہے۔ آپکے زائچہ میں سورج گرہن جس گھر میں لگے گا۔ اگلے 5 ماہ کیلئے اُس گھر کے معاملات میں تیزی یا بحران آجائے گا۔ اور جس گھر میں چاند گرہن لگے گا (جو بالمقابل گھر ہوگا) وہ بحران کا دوسرا گھر ہوگا۔ اب ہم زائچے کے 12 گھروں میں گرہنوں کے اثرات دیکھتے ہیں۔

پہلا گھر:

ایک مضبوط موقف آپکی ظاہری شکل کو تبدیل کرتا ہے اور آزاد سوچ کو اُجاگر کرتا ہے۔ یہ وہ بہترین وقت ہوتا ہے جب آپکو اپنی ذات کے بارے میں آگاہی ملتی ہے اور آپ اپنی نشو ونما پر توجہ دیتے ہیں۔

دوسرا گھر:

مال اور مال کا خرچ، مال کو جمع کرنا اور اِس پر تشویش کا باعث ہونا آپ پیسہ کمائیں گے اور خرچ بھی کریں گے اور رقم کو کس طرح خرچ کیا جائے اِس کا فیصلہ کریں گے۔ ہمارے ذاتی وسائل، ہماری صلاحیت اور ہمارے مالی معاملات دوسرے گھر میں گرہن ہمیشہ ہمیں اُن چیزوں کے بارے میں آگاہی دیتا ہے جن کے بغیر ہم نہیں رہ سکتے جن کے بغیر ہم زندہ نہیں رہ سکتے۔ زیادہ تر لوگ پیسہ کے ساتھ منسلک ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا جس میں ہم پیسہ اور مال کے ساتھ اپنے تعلقات دریافت کر سکتے ہیں۔

تیسرا گھر:

آپکی گاڑی، سواری، کمپیوٹر یا نقل وحمل کی ایک شکل خراب ہو سکتی ہے۔ مواصلات میں خرابی، بہن بھائی اور پڑوسیوں کے ساتھ تکرار ہو سکتی ہے۔ تیسرا گھر ہمارے ذاتی عمل داری سے متعلق ہوتا ہے مقامات اور چیزیں جن سے ہم زیادہ واقف ہیں۔ تیسرا گھر ہمارے ابلاغ اور انفرادی روحانیت کے لئے بھی

ہوتا ہے۔ تیسرے گھر میں گرہن ہمیں اُن چیزوں کے بارے میں آگاہی دیتا ہے جن کو ہم اہمیت نہیں دیتے اور خاص طور پر دوسروں سے تعلقات اور روابط کے بارے میں آگاہی دیتا ہے۔

چوتھا گھر:

مسائل آپکی گھریلو زندگی پر سبقت لے جائیں گے۔ آپکو فیصلہ کرنا ہوگا آپکی فیملی آپکے لئے کس حد تک اہمیت کی حامل ہے۔ آپ اپنی فیملی میں بہتر یا بدتر کیلئے مرکز نگاہ بن سکتے ہیں۔ چوتھے گھر کا تعلق ہماری نجی زندگی سے ہے۔ ہمارا گھر، ہمارا خاندان اور ہمارے باپ دادا اور ہمارے ورثہ سے ہمارا رابطہ چوتھے گھر میں گرہن اکثر ایک وقت میں خاندان کے بحران کی نشاندہی کر سکتا ہے۔

پانچواں گھر:

محبت آپکی زندگی میں داخل یا نکل سکتی ہے۔ اولاد کا کردار اور تخلیقی صلاحیتوں کا اچانک اظہار ہوسکتا ہے۔ پانچویں گھر کا تعلق اُن سے ہے جن کو ہم خاص افراد کے طور پر لائق یا محسوس کرتے ہیں۔ اس گھر کا تعلق ہماری تخلیقی صلاحیت، اولاد، محبت اور جوا سے ہے۔ پانچویں گھر میں گرہن ہماری تخلیقی صلاحیتوں اولاد اور محبت کے معاملات میں ہمارے تعلقات کی نمائندگی کرتا ہے۔

چھٹا گھر:

حادثات سے محتاط رہیں۔ آپکے روزمرہ کے معمول اچانک تبدیل ہو سکتے ہیں۔ صحت کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ چھٹے گھر کا تعلق ہمارے روزمرہ کے اُن معمول کے ساتھ ہے جسکا تعلق ہمارے جسمانی وجود سے ہے۔ خوراک، ورزش، غذائیت اور ہماری ملازمت سمیت ہمارا روزمرہ کا معمول۔ چھٹے گھر میں گرہن اکثر ہمارے معمول میں تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے اور یہ ہمیں بیماری سے بچنے کیلئے جسمانی ضروریات کی آگاہی دیتا ہے۔

ساتواں گھر:

تعلقات پر سنگین دباؤ پیدا ہوسکتا ہے۔ تعلق برقرار رکھنے پر زور دیا جاسکتا ہے۔ طلاق یا علیحدگی کے معاملات میں قانونی مداخلت سے روکا جاسکتا ہے۔ اس دوران شادی اور اہم کاروباری معاہدے بھی ہوسکتے ہیں۔ ساتویں گھر میں گرہن لگنے سے توجہ آئندہ 5 ماہ کے تعلقات پر ہوگی۔ جب ہم خود کو تبدیل کرتے ہیں تو دوسروں کو فطری طور پر کس طرح دیکھیں گے۔ اُنکی ضروریات کو اپنا سمجھ کر کریں گے۔

آٹھواں گھر:

پیدائش اور موت کے معاملات سامنے آتے ہیں۔ اس دوران قرض لیا جا سکتا ہے۔ دوسروں کا پیسہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ جنسی تعلقات، دوسروں کو دی گئی رقم متاثر ہوسکتی ہے۔ آٹھویں گھر کا تعلق دیگر افراد کے وسائل ٹیکس اور وراثتی معاملات سے ہے۔ گرہن کے آٹھویں لگنے سے ہمیں دوسروں کے لئے اپنی ذمہ داری کا احساس ہوگا۔ جسمانی اور جذباتی دونوں یہ وقت ہمیں اشارہ دیتا ہے کہ کس چیز کا تعلق ہم سے ہے اور کس چیز کا تعلق ہمارے شراکت داروں سے۔

نواں گھر:

آپکی زندگی گزارنے کا مقصد کیا ہے؟ اس دنیا میں رہنے کا مقصد کیا ہے؟ اور ایک نئی سمت میں جانا چاہیں گے؟ آپکا دل چاہے گا کہ آپ واپس اپنی سکول والی زندگی میں چلے جائیں؟ آپ اپنی آرام دہ زندگی سے باہر نکلنا چاہیں گے۔؟ نویں گھر کا تعلق غیر مانوس ماحول سے متعلق ہے۔ غیر ممالک نئے نظریات اور منظم مذہب ہے۔ نویں گھر میں گرہن ہمیں اپنی زندگیوں کی بڑی تصویر پر غور کرنے کا باعث بنتا ہے۔ ہمیں کس طرح ترقی اور توسیع کرنی چاہیے؟

دسواں گھر:

حیثیت یا شہرت کا ملنا یا تردید کرنا۔ آپ ترقی کریں گے یا زوال پذیر ہو جائیں گے۔ عوامی رائے آپکے بارے میں بہتر یا بدتر ہوسکتی ہے۔ اگر آپ اپنی زندگی پر نظر دوڑائیں تو آپکو اپنی غلطیوں کا اندازہ ہوگا۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب آپکو بہتر یا بدتر عوامی مقبولیت حاصل ہوسکتی ہے۔ دسویں گھر میں گرہن کے دوران آپکو اپنی کیریئر، عوامی، خاندانی اور نجی ضروریات پر توجہ دینی چاہئے۔

گیارھواں گھر:

دوستی اور اپنی ساکھ اس گرہن کے دوران توجہ کا مرکز رہتی ہے۔ دوستی اور سماجی سرگرمیوں میں دوست دشمن کی پہچان محتاط رہیں۔ گیارواں گھر دوستی کا گھر ہے۔ سماجی سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور خواہشات میں تبدیلی کا اشارہ ملتا ہے۔

بارھواں گھر:

عظیم روحانی بصیرت یا جنت کی طلب اور دنیا سے چھپنے کا سبب تنہائی یا خود نافذ تنہائی ہوسکتا ہے۔ آپ اپنے آپ میں ہی پھنس سکتے ہیں۔ بارہویں گھر میں گرہن لگنے سے آپ روحانی مشقوں یا تنہائی میں زیادہ وقت گزار سکتے ہیں۔

ثاقب ارسل جفر

چاند گرہن اور سورج گرہن لوح زبان بندی

از تحریر: حکیم منیر احمد میرانی قمبر (لاڑکانہ)

چاند گرہن: گرہن کی ابتداء 18 اگست 12 بجکر 33 منٹ، مکمل گرہن 17 بجکر صفر منٹ اور خاتمہ گرہن 15 بجکر 21 منٹ پر ہوگا۔

سورج گرہن: گرہن کی ابتداء یکم ستمبر 12 بجکر صفر منٹ، مکمل گرہن 14 بجکر 7 منٹ اور خاتمہ گرہن 15 بجکر 5 منٹ پر ہوگا۔

قارئین کرام! آپ کی خدمت میں چاند گرہن اور سورج گرہن میں زکوٰۃ ادا کریں اور پھر عمل کی روحانی طاقت دیکھیں۔ اگر کسی ظالم، چغل خور، بے گناہ تنگ کرتا ہے یا کوئی نقصان دینے کا منصوبہ بنا رہا ہے تو اس کی زبان بندی کا کام اس وقت کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص خلاف کام کرتا ہو یا خلاف چلتا ہو یا برا بھلا کہتا ہے یا برائی کرتا ہے یا آفیسر خلاف چلتا ہو تو اس آفیسر کی بولتی بند کریں یا میاں بیوی میں کوئی بدزبانی ہوتی ہو یا تو تو مَیں مَیں کرتا ہو تو یہ عمل کریں۔ آسان عمل پر تاثیر تیر بہدف ہے۔ اسم پاک "یا والی" کی دوران چاند گرہن یا سورج گرہن میں پہلے اس اسم پاک یا والی کی زکوٰۃ ادا کریں، جو بالکل آسان ہے۔ اس زکوٰۃ صغیر ادا کرنے سے آپ ایک سال تک عامل ہیں، آرام سے دشمن یا آفیسروں کی زبان بندی کر سکتے ہیں۔ اسم یا والی کا مثلث 47 الواح آتشی، 47 الواح بادی، 47 الواح آبی اور 47 الواح خاکی عین وقت گرہن میں تیار کریں۔ پاک صاف کاغذ اور پاک سیاہی سے آتشی الواح کو جلائیں۔ بادی الواح کو پیپل کے درخت میں باندھیں، آبی الواح کو جاری آب میں بہا دیں، خاکی الواح کو پاک زمین میں دفن کریں اور نماز آیات چاند یا سورج گرہن پڑھیں، پھر اسی مصلہ پر 2209 مرتبہ اسم یا والی پڑھیں۔ اب آپ عامل ہو گئے۔

ایک سال کے لیے عمل کو جاری رکھنے کے لیے 47 مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھیں، اب کسی کی زبان بند کرنی ہو تو 4 الواح تیار کریں۔ ساعت عطارد میں ایک کو قبر میں دفن کریں، ایک وزن کے نیچے رکھیں، ایک کو دشمن کی گزرگاہ میں دفن کریں، ایک کو راست بازو میں باندھو اور سکون حاصل کرو۔ اس عمل کی اجازت سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب سے حاصل کرو۔ بغیر اجازت کے جو بھی عمل کرے گا وہ نقصان اٹھائے گا اور خود ذمہ دار ہوگا۔

ترتیب الواح زکوٰۃ میں استعمال کریں۔

۷۸۶ چال آتشی		
۱۷	۱۱	۱۹
۱۸	۱۶	۱۳
۱۲	۲۰	۱۵

۷۸۶ چال بادی		
۱۲	۱۸	۱۷
۲۰	۱۶	۱۱
۱۵	۱۳	۱۹

۷۸۶ چال آبی		
۱۷	۱۸	۱۲
۱۱	۱۶	۲
۱۹ ۰	۱۳	۱۵

۷۸۶ چال خاکی		
۱۵	۲۰	۱۲
۱۳	۱۶	۱۸
۱۹	۱۱	۱۷

یہ لوح زبان بندی کے کام میں استعمال کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

	یاوالی	یاجبرائیلؑ	یاوالی	
	۱۵	۲۰	۱۲	
حمعسق عزرائیل	۱۳	۱۶	۱۸	کھیعص اسرافیل
	۱۹	۱۱	۱۷	
	یاوالی	یامیکائیلؑ	یاوالی	

حروفِ صوامت: قارئین کرام! جب بھی گرہن کے اوقات دستیاب ہوں تو سب پہلے اعمال کی دنیا میں حروفِ صوامت کا نام آتا ہے۔ کیونکہ صوامت ہی ہیں جن کی تاثیر بہت ہی تیز ہے۔ ان کی طاقت گرہن میں کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ ان سے عقود، بندش، بغض وعداوت، دشمن کا خاتمہ بڑے سے بڑے ظالم کو زیر کرنا حتیٰ کہ جہاں پر دل و دماغ اور طاقت اور عہدہ کام نہ کرتا ہو تو وہاں یہ 13 حروف کام کرتے ہیں۔

28 حروفِ قمری میں سے 13 حروف قمری ایسے ہیں جو کہ بے زکات انہیں حروفِ صوامت کہا جاتا ہے۔ ان سے تیار کردہ اعمال اثرات میں بے مثال ہیں جن کی کاٹ آسانی سے نہیں ہوتی بلکہ ان کی زکات بھی زکات در زکات ادا کرنی ہوتی ہے۔ یعنی اس کی زکات اکبر 13 گرہن مسلسل ادا کرنے سے ہو گی۔ تب جا کر ان کی تاثیر ہوتی ہے۔

اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

اگر ان کو مرکب حالت میں لکھا جائے تو یہ صورت بنتی ہے۔

احد ، رسص ، طعک ، لموہ

یہ وہ الفاظ ہیں جو کئی سالوں سے رائج ہیں اور ان سے علم الجفر میں کام لیا جاتا ہے۔ ایک اہم بات ذہن نشین رہے کہ علم الجفر خالصتاً حروف کا علم ہے۔ اگر چہ ہم ان کو اعداد میں تبدیل کر کے کام لیتے ہیں جو طاقت حرف کی شکل میں ہے، اعداد میں نہیں۔ اس لیے جفر کی رو سے ایسا عمل تجویز کریں۔ جس سے حرف کی طاقت لازمی اجاگر ہوتی ہو، تب جا کر عمل اپنا اثر دکھائے گا۔

عقود اور بندش: عقود اور بندش، خاتمہ دشمن یا کسی اور کو سزا دینا مقصود ہو (جبکہ آپ خود یہ طاقت نہ رکھتے ہوں کہ آپ خود ظالم کے خلاف نہیں اٹھ سکتے) حروفِ صوامت اور پارہ نمبر 17 کی ان دو آیات سے کام لے سکتے ہیں۔

آیت نمبر 1: حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ (۵۵)

ترجمہ: یہاں تک کہ قیامت ان پر ناگہاں آجائے یا نامبارک دن کا عذاب ان پر واقع ہو۔

آیت نمبر 2: بَلْ تَأْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ (۴۰)

آیت نمبر 1 کے اعداد 5170 اور آیت نمبر 2 کے اعداد 5521 ہیں۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کس طرح حروفِ صوامت میں ان آیات کو شامل کر کے ایک با مقصد عمل اور سریع التاثیر عمل بنا سکتے ہیں اور ان سے باکمال عمل تیار کر سکتے ہیں، میرا کام تھا نشاندہی کرنا۔

جب تک حروفِ صوامت کی زکات ادا نہیں کی ہوگی، عمل میں تاثیر پیدا نہیں ہوگی۔ ایک ضروری بات یہ لازمی ذہن میں رکھیں یہ دونوں آیت میں سے ہر آیت کو اگر آپ استعمال کرتے ہیں تو یہی آیت 7 کلو اناج پہلے کیڑے مکوڑوں کو ڈالنا ضروری ہے وگرنہ الٹا نقصان کا اندیشہ ہے۔

اعمالِ گرہن

جنات یا غیبی چیزوں کا نظر آنا: بعض اوقات کچھ ایسے مریض ہوتے ہیں جن کو شیطانی چیزیں، سایہ، جنات یا کئی غیبی چیزیں نظر آتی ہیں یا جھلک پڑتی ہے یا پھر جنات کا سایہ ہو یا پھر جنات کا سایہ ہو تو اس مرض سے جان چھڑانے کے لیے کوئی چارہ نہ چل رہا ہو تو یہ نقش گرہن کے اوقات یا قمر در عقرب کے اوقات میں تیار کر کے رکھ لیں۔ اگر ٹائم دستیاب ہو تو مریض کی

آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر درج بالا آیت کو 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور یہ نقش اُس کو پہنا دے۔ جنات، آسیب، چڑیل یا پھر کوئی بھی غیبی چیز اس کو دکھائی نہیں دے گی، بلکہ نزدیک بھی نہ آئے گی۔ اس سے مکمل طور پر چھٹکارہ حاصل ہوگا۔ نقش اور آیت درج ذیل ہے:

۷۸۶
جبرائیل

۱۱۲۲	۱۱۲۳	۱۱۱۸
۱۱۱۷	۱۱۲۱	۱۱۲۵
۱۱۲۴	۱۱۱۹	۱۱۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡہِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِہِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰہُمۡ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ

گھر سے بیماری کا خاتمہ: نظر بد، جنات و آسیب یا کسی اور غیبی چیز کا سایہ ہو یا ایسا شخص جو کافی عرصہ سے کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہو اور بیماری جانے کا نام نہ لے اور نہ ہی کوئی دوا اثر کرتی ہو۔ ایسا شخص گرہن کے اوقات میں یہ نقش کافی سارے لکھ کر رکھ لے اور مریض کے استعمال شدہ کپڑے میں اس نقش کو لپیٹ کر مریض کو دھونی دے اور بلکہ پورے گھر میں دھونی دے۔ انشاء اللہ ایک ہی یوم میں اثر سامنے آجائے گا۔ مرض میں افاقہ ہوگا، جنات، آسیب سے جان چھوٹ جائے گی۔

سلحج	سلحج	سلحج	سلحج
سلحج	سلحج	سلحج	سلحج
سلحج	سلحج	سلحج	سلحج
سلحج	سلحج	سلحج	سلحج

عورتوں کے جسم اور چہرہ پر بال

بعض اوقات کچھ عورتوں کے چہرہ اور جسم پر فالتو بال آجاتے ہیں۔ اب ان کو گھبرانے کی ضرورت نہ ہے۔ گرہن میں یہ عمل ضرور کریں۔ ایک پاؤ کلونجی لے کر اُسے دھو کر صاف کر کے سکھا لیں۔ اب ایک شیشے کی نیلے رنگ کی بوتل لے لیں یا سفید بوتل پر نیلے رنگ کا صاف کاغذ لپیٹ لیں۔ پھر گرہن میں اس کلونجی پر ایک سو مرتبہ یہ پڑھیں۔

فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ

اب کلونجی پر دم کرے، باوضو یہ عمل کریں۔ اب کلونجی کی بوتل میں ڈال کر بوتل کا ڈھکنا بند کر کے گرہن میں رکھ دیں۔ جب گرہن کے اوقات ختم ہو جائیں تو اس بوتل کو ہٹا لیں۔ اب 21 دن تک نہار منہ ایک چھوٹے چمچ کا چوتھا حصہ تازہ پانی کے ساتھ کھا لیں اور ہر ایک گھنٹہ تک بعد میں کوئی چیز نہ کھائیں۔ ایک پاؤ 21 دن میں ختم کرنا ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چہرہ اور جسم کے فالتو بال ختم ہو جائیں گے۔ اس عمل سے مستفید ہو کر ادارہ اور جناب شاہ زنجانی اور مجھ فقیر کو اپنی دعاؤں میں ضرور شامل حال رکھیں۔

قرآنی دعائیں

انبیاء علیہم السلام کی قرآنی دعائیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

دعائے حضرت آدمؑ: رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے پالنے والے! ہم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا اور اب اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کریگا تو ہم

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ **دعائے حضرت نوحؑ:** رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے (الاعراف: ۲۳) اے میرے پالنے والے! مجھے بخش دے اور میرے

وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَلَا

والدین اور جو مومن میرے گھر میں آجائے اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور ان ظالموں کی

تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ **دعائے حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ:** رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا

تباہی و بربادی میں اور زیادتی فرما (نوح: ۲۸) اے ہمارے پالنے والے! تو (ہماری خدمت کو) قبول فرما

اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا

بیشک تو (دعاؤں کا) سننے جاننے والا ہے اے ہمارے رب تو ہمیں اپنا فرمانبردار بنا اور ہماری اولاد میں سے ایک ایسا گروہ

اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾

پیدا کر جو تیرا فرمانبردار ہو اور ہمیں ہمارے حج کی جگہیں دکھا اور ہماری توبہ قبول فرما بیشک تو توبہ قبول کرنیوالا رحیم ہے (البقرہ: ۱۲۷، ۱۲۸)

دعائے حضرت ابراہیمؑ: رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا

اے میرے پالنے والے مجھے اور میری اولاد کو (بھی) نماز کا پابند بنادے اور اے میرے پالنے والے میری دعا

وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾

قبول فرمااے ہمارے پالنے والے جس دن حساب ہونے لگے مجھ کو اور میرے ماں باپ اور ایمانداروں کو بخش دے (ابراہیم: ۴۰-۴۱)

دعائے حضرت موسٰیؑ: رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ

پروردگار بیشک میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا میری بخشش (مجھے پوشیدہ) فرما پس ہم نے اسے پوشیدہ رکھا (القصص: ۱۶)

دعائے نبویؐ: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ

پروردگارا! تو بخش دے اور رحم فرما کیونکہ تو سب رحم کرنیوالوں سے بہتر ہے (المومنون ۱۱۸) اے میرے رب مجھے (جہاں) پہنچا

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾

اچھی طرح پہنچا اور مجھے (جہاں سے) نکال تو اچھی طرح سے نکال اور مجھے اپنی بارگاہ سے ایک طاقتور مددگار عطا فرما (بنی اسرائیل: ۸۰)

روزِ جمعرات

☆ جمعرات کا دن مبارک ترین دن ہے سب کاموں کیلئے بہتر و خوب تر ہے اس روز لباس قطع کرنا بہت ہی مفید ہے کیونکہ صاحب لباس کو علم نصیب ہوتا ہے اور وہ لوگوں کی نظر میں صاحب تکریم ہو جاتا ہے۔ ☆ اس دن سر اور ناخن تراشنا بھی خوب ہے مگر ایک ناخن نہ تراشے اس کو جمعہ کیلئے رہنے دے۔ ☆ اس دن دوائی شروع کرنے کی ممانعت ہے اس دن کی خوشحالی کیلئے یہ دعا پڑھنی چاہیے (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ جمعرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ اللَّيْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهٖ وَجَآءَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے اپنی قدرت سے رات کو اس کی تاریکیوں سمیت ہٹا دیا اور اپنی رحمت سے

بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِهٖ وَكَسَانِيْ ضِيَآءَهٗ وَاَنَا فِيْ نِعْمَتِهٖ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا اَبْقَيْتَنِيْ لَهٗ

نور پھیلانے والا دن لایا اور دن کی روشنی مجھ پر چھائی اور میں اس نعمت سے مستفید ہوتا ہوں اے اللہ جیسے تو نے اس دن کے لیے مجھے زندہ رکھا

فَاَبْقِنِيْ لِاَمْثَالِهٖ وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَفْجَعْنِيْ فِيْهِ وَفِيْ غَيْرِهٖ مِنَ

اسی طرح مجھے اور دنوں کے لیے بھی برقرار رکھ اور رحمت نازل فرما نبی محمدؐ اور ان کی آلؑ پر اور مجھے اس دن اور اس کے علاوہ دوسرے شب و روز میں

اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ وَارْزُقْنِيْ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا

مبتلائے غم نہ کرنا کہ میں حرام اعمال کا ارتکاب کروں اور گناہ سمیٹوں اور مجھے اس دن اور جو کچھ آج کل ہونیوالا ہے

فِيْهِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّيْ شَرَّهٗ وَشَرَّ مَا فِيْهِ وَشَرَّ مَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اس کی خوبیاں نصیب فرما اور آج کے بعد ہر شر اور اس شر سے جو اس میں ہے اس شر سے جو اس کے بعد ہے محفوظ رکھ اے اللہ! میں

بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ وَبِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ وَبِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى

تیری بارگاہ میں اسلام کے وسیلہ اور حرمت قرآن کے ذریعہ سے تجھ پر اعتماد کرتا ہوں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَسْتَشْفِعُ لَدَيْكَ فَاعْرِفِ اللّٰهُمَّ ذِمَّتِيَ الَّتِيْ رَجَوْتُ بِهَا قَضَآءَ

سے تیری بارگاہ میں شفاعت چاہتا ہوں اے اللہ میری اس ضمانت و عہد کو دیکھ لے جن کے وسیلے سے میں اپنی تمنائیں پوری

حَاجَتِيْ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ فِي الْخَمِيْسِ خَمْسًا لَا يَتَّسِعُ لَهَا اِلَّا

کرنیکی آرزو رکھتا ہوں اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے اے اللہ! جمعرات میں میری پانچ ایسی خواہشیں پوری کردے جو تیرے کرم کے سوا کسی کے

كَرَمُكَ وَلَا يُطِيْقُهَا اِلَّا نِعَمُكَ سَلَامَةً اَقْوٰى بِهَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَعِبَادَةً اَسْتَحِقُّ بِهَا

بس کی نہیں اور تیری نعمتوں کے علاوہ انہیں کوئی برداشت نہیں کرسکتا سلامتی جس کے سہارے تیری فرمانبرداری میں تقویت حاصل کروں اور عبادت جس کی بنا پر

جَزِيْلَ مَثُوْبَتِكَ وَسَعَةً فِي الْحَالِ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ وَاَنْ تُؤْمِنَنِيْ فِيْ مَوَاقِفِ الْخَوْفِ

تیرے ثواب بے حساب کا مستحق ہوں اور وافر حلال روزی عطا کر کے مجھے خوش حال کردے اور مجھے اپنے امن خاص سے خوف کے مقامات میں

بِاَمْنِكَ وَتَجْعَلَنِيْ مِنْ طَوَارِقِ الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ فِيْ حِصْنِكَ **وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ**

امن و سکون عطا فرما اور رنج و غم کے حملوں میں مجھے اپنے قلعہ (پناہ گاہ) میں رکھنا اور محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ تَوَسُّلِيْ بِهٖ شَافِعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَافِعًا اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ[۱]

نازل فرما (محمدؐ و آلِ محمدؐ سے) اور میرے اس توسل کو قیامت کے روز ایسی شفاعت جو نافع ہو قرار دے بیشک تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

روزِ جمعہ

☆ جمعہ کا دن بے حد مبارک ترین دن ہے۔ اس روز غسل کرنا، حجامت بنوانا، ناخن کٹوانا، خوشبو لگانا اور نیا کپڑا پہننا سنتِ مؤکدہ ہے یہ دن نکاح کیلئے اچھا ہے بلکہ تمام کاموں کیلئے بے حد مبارک ہے ☆ اس دن زوال سے پہلے سفر کرنا مکروہ ہے مجبوری کی حالت میں حسبِ توفیق صدقہ دے کر سفر کرے ☆ اس دن کی مزید بہتری کیلئے یہ دعا پڑھنی چاہیے (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْاَوَّلِ قَبْلَ الْاِنْشَآءِ وَالْاِحْيَآءِ وَالْاٰخِرِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اس اللہ کی حمد و ثنا جو پیدا کرنے اور زندگی عطا کرنے سے پہلے اور تمام

بَعْدَ فَنَآءِ الْاَشْيَآءِ الْعَلِيْمِ الَّذِيْ لَا يَنْسٰى مَنْ ذَكَرَهٗ وَلَا يَنْقُصُ مَنْ شَكَرَهٗ

چیزوں کے فنا ہونے کے بعد رہنے والا ہے وہ علیم جو اپنے یاد رکھنے والوں کو نظر انداز اور اپنے شکر گزاروں کو کمی نہیں کرتا

وَلَا يَخِيْبُ مَنْ دَعَاهُ وَلَا يَقْطَعُ رَجَآءَ مَنْ رَجَاهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ

اور جو اسے پکارے اُسے وہ ناکام نہیں رہنے دیتا اور جو اس سے آس لگائے وہ اسے مایوس نہیں کرتا اے اللہ! میں تجھے گواہ کرتا ہوں

[۱] بروز قیامت محمدؐ و آلِ محمدؐ کی شفاعت کے حصول کے لئے سات مرتبہ پڑھے

شَهِيدًا وَاُشْهِدُ جَمِيعَ مَلَآئِكَتِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوَاتِكَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَنْ

اور تیرا گواہ ہونا ہی کافی ہے اور تیرے تمام ملائکہ کو اور آسمانوں کے مکینوں اور حاملین عرش اور تیرے

بَعَثْتَ مِنْ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَاَنْشَاْتَ مِنْ اَصْنَافِ خَلْقِكَ اَنِّي اَشْهَدُ اَنَّكَ

بھیجے ہوئے نبیوں اور رسولوں اور تیری قسم قسم کی مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بلا شبہ فقط تو ہی

اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَلَا عَدِيلَ وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِكَ وَلَا

''اللہ'' ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک و جواب نہیں تیرے قول میں اختلاف اور

تَبْدِيلَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ اَدّٰى مَا حَمَّلْتَهُ

تبدیلی نہیں اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ تیرے بندۂ خاص اور رسول ہیں جو (پیغام) تو نے بندوں کیلئے ان کے حوالے کیا تھا

اِلَى الْعِبَادِ وَجَاهَدَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حَقَّ الْجِهَادِ وَاَنَّهُ بَشَّرَ بِمَا هُوَ حَقٌّ مِنَ الثَّوَابِ

وہ انہوں نے پہنچا دیا اور اللہ عزوجل کی راہ میں پوری پوری کوشش کی جو واقعی ثواب تھا اس کی بشارت دی

وَاَنْذَرَ بِمَا هُوَ صِدْقٌ مِنَ الْعِقَابِ ۱ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِي عَلٰى دِينِكَ مَا اَحْيَيْتَنِي وَلَا تُزِغْ

اور جو واقعی عذاب ہے اس سے آپ نے ڈرایا پروردگارا مجھے اپنے دین پر ثبات و استقلال عطا فرما جب تک تو مجھے زندہ رکھنا چاہتا ہے اور میرے دل کو

قَلْبِي بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِي وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ صَلِّ عَلٰى

اپنی رہنمائی کے بعد گمراہ نہ ہونے دے اور مجھے اپنے خزانے سے رحمت عطا فرما بلاشبہ تو سب سے زیادہ انعام دینے والا ہے محمدؐ اور آل محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي مِنْ اَتْبَاعِهِ وَشِيعَتِهِ وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَتِهِ وَوَفِّقْنِي

رحمت فرما اور مجھے آنحضرتؐ کے پیروکاروں اور شیعوں میں شمار فرما اور مجھے ان کے حلقہ میں محشور فرما اور مجھے

لِاَدَاءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ وَمَا اَوْجَبْتَ عَلَيَّ فِيهَا مِنَ الطَّاعَاتِ وَقَسَمْتَ لِاَهْلِهَا

جمعہ کے فرائض اور اس دن کی واجب کردہ اطاعتوں کو انجام دینے اور اہل اطاعت کے لیے جو انعامات تو روز جزا کو تقسیم

مِنَ الْعَطَاءِ فِي يَوْمِ الْجَزَاءِ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

فرمائے گا انہیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما بلاشک وشبہ تو باقتدار اور صاحب حکمت ہے

روزِ ہفتہ

☆ ہفتہ کا دن بھی مبارک ہے اور سب کاموں کیلئے بہتر ہے خصوصاً سفر کیلئے بہترین ہے

☆ حدیث میں ہے کہ اگر اس دن پتھر بھی اپنی جگہ سے جدا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے پھر اسی جگہ پہنچا دیتا ہے

☆ اس دن کپڑوں کا قطع کرنا نحس ہے اس دن کی خوشحالی کیلئے یہ درج ذیل دعا پڑھنی چاہیے (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ ہفتہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِينَ وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِينَ وَاَعُوذُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام سے جو چاہنے والوں کا تکیہ کلام اور حفاظت کے خواہشمندوں کا قول ہے میں

بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ جَوْرِ الْجَائِرِينَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِينَ وَبَغْيِ الظَّالِمِينَ وَاَحْمَدُهُ فَوْقَ حَمْدِ

اللہ تعالیٰ کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں ظالموں کے ظلم، حاسدوں کے مکر اور ستمگروں کی سرکشی سے اور میں اس معبود کی حمد کرتا ہوں (یعنی حمد)

الْحَامِدِينَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيكٍ وَالْمَلِكُ بِلَا تَمْلِيكٍ لَا تُضَادُّ فِي حُكْمِكَ وَلَا

جو حمد کرنیوالوں کی حمد سے بڑھ کر ہو بارالہا! تو یکتا و لاشریک ہے اور تو کسی کے مالک بنائے بغیر مالک ہے نہ تیرے فرمان کی مخالفت ہوسکتی ہے اور نہ

تُنَازَعُ فِي مُلْكِكَ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَاَنْ تُوزِعَنِي

تیرے ملک میں کوئی تیرا حریف و فریق ہوسکتا ہے میں دعا کرتا ہوں تو اپنے خاص بندے اور رسول محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنی

مِنْ شُكْرِ نُعْمَاكَ مَا تُبَلِّغُ بِي غَايَةَ رِضَاكَ وَاَنْ تُعِينَنِي عَلٰى طَاعَتِكَ وَلُزُومِ عِبَادَتِكَ

نعمتوں کے شکریہ میں وہ رحمت عطا فرما جو مجھے تیری انتہائے خوشنودی تک پہنچا دے اور تیرے لطف و عنایت سے مجھے تیری اطاعت اور عبادت کا پابند

۱ خاتمہ بالایمان اور برائے حصول ہدایت و رحمت اور محمدؐ و آل محمدؐ کے محبوں میں شمار ہونے کیلئے سات مرتبہ پڑھے

وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ ۱ وَتَرْحَمَنِي بِصَدِّي عَنْ مَعَاصِيكَ مَا

اور ثواب کا مستحق بنانے میں میری مدد کرے اور تو مجھ پر رحم فرما اور جب تک زندہ رکھنا چاہے اس وقت تک مجھے اپنی نافرمانیوں سے باز رکھ اور

اَحْيَيْتَنِي وَتُوَفِّقَنِي لِمَا يَنْفَعُنِي مَا اَبْقَيْتَنِي وَاَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِي وَتَحُطَّ

جب تک مجھے باقی رکھنا منظور ہو اس وقت تک انہی کاموں کی توفیق دے جو نفع بخش ہوں اور اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ کھول دے اور اس کی تلاوت

بِتِلَاوَتِهٖ وِزْرِي وَتَمْنَحَنِي السَّلَامَةَ فِي دِينِي وَنَفْسِي وَلَا تُوحِشَ بِي اَهْلَ اُنْسِي

کے ذریعے میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا فرما دے اور مجھے دین اور جان کی سلامتی مرحمت فرما مجھ سے محبت رکھنے والوں کو میرے اعمال کی بدولت پریشان نہ فرما اور میری

وَتُتِمَّ اِحْسَانَكَ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِي كَمَا اَحْسَنْتَ فِيمَا مَضٰى مِنْهُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

باقی زندگی میں تو اسی طرح اپنے احسانوں کی تکمیل فرما جیسے میری گزشتہ زندگی میں تو نے احسانات جاری رکھے اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

روزِ اتوار

☆ اتوار کا دن اکثر کاموں کیلئے درمیانہ ہے البتہ اس دن مکان بنانا درخت لگانا یا شادی کرنا بہت خوب ہے مگر نیا کپڑا قطع کرنا نحس ہے کیونکہ اس دن کا کٹا کپڑا مبارک نہیں ہوتا۔

☆ اس دن دنیوی کاموں کی بہتری کیلئے یہ درج ذیل دعا پڑھنی چاہیے (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ اتوار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا اَرْجُوْ اِلَّا فَضْلَهُ وَلَا اَخْشٰى اِلَّا عَدْلَهُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام سے کہ میں صرف اسی کے فضل کا امیدوار ہوں اور میں صرف اسی کے عدل سے ڈرتا ہوں

وَلَا اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَهُ وَلَا اُمْسِكُ اِلَّا بِحَبْلِهِ بِكَ اَسْتَجِيرُ يَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ

اور صرف اسی کے وعدہ پر بھروسہ کرتا ہوں اور صرف اسی کے رشتہ سے وابستہ ہوں میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اے معافی و خوشنودی کے مالک!

وَالْعُدْوَانِ وَمِنْ غِيَرِ الزَّمَانِ وَتَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ وَمِنِ انْقِضَاءِ الْمُدَّةِ

ظلم و سرکشی سے دُنیا کی نیرنگیوں سے لگاتار غموں سے اور نازل ہونے والے حادثوں سے اور اس بات سے کہ تیار اور کمربستہ ہونے سے پہلے

قَبْلَ التَّاَهُّبِ وَالْعُدَّةِ وَاِيَّاكَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِيهِ الصَّلَاحُ وَالْاِصْلَاحُ وَبِكَ اَسْتَعِينُ فِيمَا

مدت (زندگی) ختم ہو جائے اور میں صرف تجھ ہی سے ان باتوں میں رہنمائی چاہتا ہوں جن میں بھلائی اور اصلاح احوال ہو اور تجھ سے ان چیزوں

يَقْتَرِنُ بِهِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ وَاِيَّاكَ اَرْغَبُ فِي لِبَاسِ الْعَافِيَةِ وَتَمَامِهَا وَشُمُولِ السَّلَامَةِ

میں مدد چاہتا ہوں جن کی بدولت نجات اور کامیابی ہو اور صرف تجھ سے خواہش کرتا ہوں کہ عافیت کا لباس اور اس کی تکمیل اور سلامتی شامل حال

وَدَوَامِهَا وَاَعُوذُ بِكَ يَا رَبِّ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِكَ مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِينِ

اور اس کا دوام عطا ہو اے پروردگار! میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیرے اقتدار کی مدد سے بادشاہوں کے جور سے بچنا چاہتا ہوں

۲ فَتَقَبَّلْ مَا كَانَ مِنْ صَلٰوتِي وَصَوْمِي وَاجْعَلْ غَدِي وَمَا بَعْدَهُ اَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِي وَيَوْمِي

میری نماز اور میرا روزہ جیسا بھی ہے قبول فرما اور میرا آنے والا دن اور مستقبل میرے اس لمحے اور اس دن سے بہتر بنا دے

وَاَعِزَّنِي فِي عَشِيرَتِي وَقَوْمِي وَاحْفَظْنِي فِي يَقْظَتِي وَنَوْمِي فَاَنْتَ اللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَاَنْتَ

اور مجھے میری قوم اور قبیلے میں معزز قرار دے اور مجھے سوتے جاگتے میں محفوظ رکھ اس لئے کہ اے اللہ تو بہترین حفاظت کرنیوالا اور تو ہی سب

۱ برائے تزکیہ نفس اور مغفرت کے لئے سات مرتبہ تکرار کریں

۲ قبولیت نماز روزہ اور اس دن کے روز و شب کی سلامتی کیلئے سات مرتبہ پڑھے

اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَبْرَءُ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا وَمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاٰحَادِ مِنَ الشِّرْكِ

مہربانوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے یا اللہ میں تیرے حضور آج کے دن اور آج کے بعد آنے والی اتواروں میں شرک

وَالْاِلْحَادِ وَاُخْلِصُ لَكَ دُعَائِيْ تَعَرُّضًا لِلْاِجَابَةِ وَاُقِيْمُ عَلٰى طَاعَتِكَ رَجَاءً لِلْاِثَابَةِ فَصَلِّ

اور الحاد (بے دینی) سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں اور اپنی دعا کو فقط تیرے لیے مخصوص کرتا ہوں قبول ہونے کیلئے اور تیری اطاعت پر ثابت قدم ہوتا ہوں ثواب کی امید میں

عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِكَ الدَّاعِيْ اِلٰى حَقِّكَ وَاَعِزَّنِيْ بِعِزِّكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَاحْفَظْنِيْ بِعَيْنِكَ

محمد مصطفیٰ پر رحمت نازل فرما کہ آپ تیری مخلوق میں سب سے بہتر اور تیرے حق کے داعی ہیں اور مجھے اپنی اسکی عزت سے معزز فرما جسے ذلت سے بدلا نہیں جاسکتا اور میری حفاظت

الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَيْكَ اَمْرِيْ وَبِالْمَغْفِرَةِ عُمْرِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

فرما اپنی اس نگاہ کرم کے ذریعے جسے غفلت نہیں ہوتی اور میرے معاملات اپنے حضور میں مکمل وابستگی پر اور میری زندگی مغفرت پر تمام کر بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے

روزِ سوموار

☆ یہ دن منحوس ترین ہے اسی روز حضرت رسول اکرمؐ نے رحلت فرمائی۔ یہ دن بنی امیہ سے منسوب ہے

☆ بنی امیہ نے بسبب شہادتِ امام حسینؑ اس دن کو عید قرار دیا تھا جس طرح سال بھر میں روز عاشور نحس ترین دن ہے اسی طرح ہفتہ بھر میں سوموار کا دن کسی بھی کام کے لئے مبارک نہیں ہے۔

☆ یہ دن لباس قطع کرنے کے لئے بہتر ہے ☆ اس روز کی نحوست کے ازالہ کیلئے درج ذیل دعا کے ساتھ سورۃ الدھر (پارہ ۲۹) کی تلاوت کرے گا تو اس دن کی نحوست و شر سے محفوظ رہے گا (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ سوموار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يُشْهِدْ اَحَدًا حِيْنَ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین تخلیق کرتے وقت

وَالْاَرْضَ وَلَا اتَّخَذَ مُعِيْنًا حِيْنَ بَرَءَ النَّسَمَاتِ لَمْ يُشَارَكْ فِي الْاِلٰهِيَّةِ وَلَمْ يُظَاهَرْ فِي

کسی کو گواہ نہیں بنایا اور نہ کسی کو مددگار بنایا جس وقت جاندار پیدا کیے نہ الوہیت میں اس کا کوئی شریک ہے نہ واحدنیت میں

الْوَحْدَانِيَّةِ كَلَّتِ الْاَلْسُنُ عَنْ غَايَةِ صِفَتِهٖ وَالْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهٖ وَتَوَاضَعَتِ

کوئی پشت پناہ ہے زبانیں اسکی صفتوں کے بیان کرنے سے قاصر اور عقلیں اسکی حقیقت معرفت پانے سے عاجز ہیں اور اسکی ہیبت کے سامنے

الْجَبَابِرَةُ لِهَيْبَتِهٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِخَشْيَتِهٖ وَانْقَادَ كُلُّ عَظِيْمٍ لِعَظَمَتِهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ

بڑے بڑے سرکش سرنگوں اور چہرے اسکے خوف سے جھکے ہوئے ہیں اور اس کی عظمت کی وجہ سے ہر بڑے سے بڑا فرماں بردار ہے

مُتَوَاتِرًا مُتَّسِقًا وَمُتَوَالِيًا مُسْتَوْسِقًا وَصَلَوَاتُهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ اَبَدًا وَسَلَامُهٗ دَائِمًا سَرْمَدًا

پس اسی کیلئے یکے بعد دیگرے مسلسل اور لگاتار حمد ہے اور اس کی رحمت ہو اس کے رسول پر ہمیشہ اور ہمیشہ سلام ہو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ يَوْمِيْ هٰذَا صَلَاحًا وَاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَاٰخِرَهٗ نَجَاحًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَوْمٍ [1]

اے اللہ! میرے دن کا آغاز درستی اور درمیانی حصہ کامیابی اور آخری حصہ رستگاری بنا دے اور میں ایسے دن سے تیری پناہ

اَوَّلُهٗ فَزَعٌ وَاَوْسَطُهٗ جَزَعٌ وَاٰخِرُهٗ وَجَعٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ نَذْرٍ نَذَرْتُهٗ وَكُلِّ

طلب کرتا ہوں جس کا آغاز غم درمیان بے چینی اور آخر دکھ درد ہو اے اللہ میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں ہر مانی ہوئی نذر کے بارے میں اور ہر

وَعْدٍ وَعَدْتُهٗ وَكُلِّ عَهْدٍ عَاهَدْتُهٗ ثُمَّ لَمْ اَفِ بِهٖ وَاَسْئَلُكَ فِيْ مَظَالِمِ عِبَادِكَ عِنْدِيْ فَاَيُّمَا

کیے ہوئے وعدے کے سلسلے میں اور ہر کیے ہوئے معاہدے کیلئے جسے میں پورا نہ کرسکا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے بندوں کے ساتھ جو ناروا سلوک

عَبْدٍ مِنْ عَبِيْدِكَ اَوْ اَمَةٍ مِنْ اِمَائِكَ كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلِمَةٌ ظَلَمْتُهَا اِيَّاهُ فِيْ نَفْسِهٖ اَوْ فِيْ

مجھ سے ہوئے تو تیرے بندوں میں سے جس بندے اور تیری کنیزوں میں سے جس کنیز پر میری طرف سے کوئی زیادتی ہوئی ہو اس پر یا اس کی آبرو پر

عِرْضِهٖ اَوْ فِيْ مَالِهٖ اَوْ فِيْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ اَوْ غِيْبَةٌ اغْتَبْتُهٗ بِهَا اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهِ بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى

یا اسکے مال پر یا اسکے گھر والوں یا اسکی اولاد پر یا میں نے اسکی غیبت کی ہو یا کسی جذبہ سے اس پر زبردستی کا کوئی الزام لگایا ہو

اَوْ اَنَفَةٍ اَوْ حَمِيَّةٍ اَوْ رِيَاءٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ غَائِبًا كَانَ اَوْ شَاهِدًا اَوْ حَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ يَدِيْ

یا غلط خواہش یا اپنی برتری یا اپنی شان یا ظاہرداری یا تعصب برتا ہو وہ غیر حاضر ہو یا موجود زندہ ہو یا مردہ پس میرے ہاتھوں نے کوتاہی کی

[1] اس دن کی تمام ساعتوں میں سلامتی وخوشحالی کیلئے سات مرتبہ پڑھے

وَضَاقَ وُسْعِيْ عَنْ رَدِّهَا اِلَيْهِ وَالتَّحَلُّلِ مِنْهُ فَاَسْئَلُكَ يَا مَنْ يَمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَهِيَ

اور میری ہمت نے تنگی کی کہ اس کا حق اسے واپس کرتا اور اس سے وہ حق معاف کرالیتا پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے حاجتوں کے مختار!

مُسْتَجِيْبَةٌ لِمَشِيَّتِهٖ وَمُسْرِعَةٌ اِلٰى اِرَادَتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُرْضِيَهٗ

حاجتیں تیری مشیت سے قبول ہوتی اور تیرے ارادے کے بعد فوراً بر آتی ہیں محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اس شخص کو مجھ سے راضی کردے

عَنِّيْ بِمَا شِئْتَ وَتَهَبَ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ رَحْمَةً اِنَّهٗ لَا تَنْقُصُكَ الْمَغْفِرَةُ وَلَا تَضُرُّكَ الْمَوْهِبَةُ

جیسے تیری رضا ہو اور مجھے اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما بیشک مغفرت تیرے لیے کسی کمی اور بخشش تیرے لیے کسی نقصان کا باعث نہیں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَوْلِنِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمِ اثْنَيْنِ نِعْمَتَيْنِ مِنْكَ ثِنْتَيْنِ سَعَادَةً فِيْ

اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے اے اللہ! مجھے ہر سوموار کے دن اپنی طرف سے دو نعمتیں عطا فرما آغاز روز میں اطاعت و

اَوَّلِهٖ بِطَاعَتِكَ وَنِعْمَةً فِيْ اٰخِرِهٖ بِمَغْفِرَتِكَ يَا مَنْ هُوَ الْاِلٰهُ وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ سِوَاهُ

عبادت کی سعادت ملے اور آخر روز میں تیری مغفرت کا انعام اے وہ ذات جو معبود ہے اور جس کے سوا گناہ کوئی نہیں بخشتا

روزِ منگل

☆ منگل کا دن اکثر کاموں کیلئے درمیانہ ہے سفر اور طلب حاجت کیلئے بہتر ہے اس روز لباس قطع نہیں کرنا چاہیے ایسے کپڑے چوری ہوجاتے ہیں یا وہ شخص ڈوب جاتا ہے یا جل جاتا ہے

☆ اس دن کی نحوست دور کرنے کیلئے یہ دعا پڑھنی چاہیے (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ منگل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ حَقُّهٗ كَمَا يَسْتَحِقُّهٗ حَمْدًا كَثِيْرًا

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تمام حمد صرف اللہ کیلئے ہیں اور حمد اللہ کا حق ہے اس طرح کی حمد بے حساب جس کا وہ حقدار ہے

وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ

اور اللہ سے اپنے نفس کے شر کے بارے میں پناہ مانگتا ہوں یقیناً نفس بدی پر زیادہ آمادہ کرنیوالا ہے سوائے اسکے کہ میرا پروردگار رحم کرے اور اسی کی پناہ مانگتا ہوں

شَرِّ الشَّيْطَانِ الَّذِيْ يَزِيْدُنِيْ ذَنْبًا اِلٰى ذَنْبِيْ وَاَحْتَرِزُ بِهٖ مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ وَّسُلْطَانٍ

اس شیطان کے شر سے جو میرے گناہ میں مجھ سے اضافہ کراتا ہے اور میں اللہ کی مدد سے بچوں گا ہر سرکش بدکار اور ظالم سلطان

جَائِرٍ وَّعَدُوٍّ قَاهِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ جُنْدِكَ فَاِنَّ جُنْدَكَ هُمُ الْغَالِبُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ

اور زبردست دشمن سے اے اللہ! مجھے اپنے لشکر میں شمار کر کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب ہے اور مجھے اپنی جماعت میں

حِزْبِكَ فَاِنَّ حِزْبَكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَوْلِيَائِكَ فَاِنَّ اَوْلِيَائَكَ لَا خَوْفٌ

شمار کر کہ تیری جماعت ہی فلاح پائے گی اور مجھے اپنے دوستوں میں شمار فرما کہ تیرے ہی دوست وہ ہیں جنہیں نہ خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ فَاِنَّهٗ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيْ [1]

اور نہ کوئی غم ہوگا اے اللہ! میرے لیے میرے دین کو درست رکھنا کیونکہ وہی میری محنت کا ثمر ہے اور میری آخرت کو میرے لیے

فَاِنَّهَا دَارُ مَقَرِّيْ وَاِلَيْهَا مِنْ مُجَاوَرَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ

سنوار دے کہ وہ میری قیام گاہ ہے اور ذلیلوں کی ہم نشینی (اور پڑوس) سے بھاگ کر وہیں جانا ہے اور میری زندگی کو نیکیوں میں

وَالْوَفَاةَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَتَمَامِ عِدَّةِ الْمُرْسَلِيْنَ

اضافہ کا ذریعہ اور موت کو ہر برائی سے بچنے کا وسیلہ بنا اے اللہ! آخری نبیؐ اور تعداد مرسلین کو مکمل کرنیوالے محمدؐ

[1] دنیا وآخرت کی سلامتی اور خاتمہ بالایمان کے لئے سات مرتبہ پڑھے

وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْمُنْتَجَبِیْنَ وَهَبْ لِیْ فِی الثُّلَثَاءِ ثَلَاثًا لَا تَدَعْ

اور آپ کی پاک و پاکیزہ آلؑ پر اور آپ کے پاک طینت صحابہ پر رحمت نازل فرما اور مجھے منگل (سہ شنبہ) کے دن تین انعام مرحمت فرما میرا کوئی گناہ

لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا غَمًّا اِلَّا اَذْهَبْتَہٗ وَلَا عَدُوًّا اِلَّا دَفَعْتَہٗ بِبِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ

بے مغفرت نہ چھوڑ اور کوئی غم ایسا نہ ہو جسے تو نے دور نہ کر دیا ہو اور کوئی دشمن ایسا نہ ہو جسے دفع نہ کر دیا ہو اس بسم اللہ کی برکت سے جو تمام اسماء حسنیٰ میں اچھا نام ہے

رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَسْتَدْفِعُ کُلَّ مَکْرُوْهٍ اَوَّلُہٗ سَخَطُہٗ وَاَسْتَجْلِبُ کُلَّ مَحْبُوْبٍ

اس اللہ کے نام سے جو زمین و آسمان کا پروردگار ہے میں تجھ سے ہر اس برائی کو دور کرنے کی دعا کرتا جس کے آغاز میں تیرا غضب ہو اور میں ہر اس دل پسند بات کو

اَوَّلُہٗ رِضَاهُ فَاخْتِمْ لِیْ مِنْکَ بِالْغُفْرَانِ یَا وَلِیَّ الْاِحْسَانِ

حاصل کرنا چاہتا ہوں جس کے آغاز میں تیری رضا ہو اپنی بارگاہ سے میرا خاتمہ بخشش سے فرما اے احسان کے والی!

روزِ بدھ

☆ بدھ کا دن اکثر کاموں کیلئے نحس ترین دن ہے البتہ نیا لباس قطع کرنے اور کسی بھی کام کی ابتدا کیلئے بہتر ہے کیونکہ وہ کام تکمیل کو پہنچتا ہے ☆ اس دن درخت (شاخ) لگانا بہتر ہے۔

☆ اس دن کی نحوست کو رفع کرنے کیلئے یہ دعا پڑھیں (مفاتیح الجنان)

دعائے روزِ بدھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ اللَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کی کامل و مکمل حمد جس نے رات کو ڈھانپنے اور نیند کو آرام دینے والا بنایا اور دن اُٹھنے

النَّهَارَ نُشُوْرًا لَکَ الْحَمْدُ اَنْ بَعَثْتَنِیْ مِنْ مَّرْقَدِیْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَہٗ سَرْمَدًا حَمْدًا

اور چلنے پھرنے کیلئے بنایا تیری حمد کہ تو نے مجھے خوابگاہ سے اُٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس جگہ کو میرے لیے دائمی بنا دیتا

دَآئِمًا لَّا یَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا یُحْصِیْ لَہُ الْخَلَآئِقُ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْ خَلَقْتَ

ایسی دائمی حمد جواب تک ختم نہ ہو اور مخلوقات اس کی تعداد کا شمار نہ کر سکے یا اللہ! تیری حمد کہ تو نے خلق کیا

فَسَوَّیْتَ وَقَدَّرْتَ وَقَضَیْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْیَیْتَ وَاَمْرَضْتَ وَشَفَیْتَ وَعَافَیْتَ وَاَبْلَیْتَ

اور معتدل اندازہ فرمایا اور آخری فیصلہ کیا موت بخشی، زندگی دی بیماری اور شفا دی تندرست بھی رکھا اور مبتلا بھی کیا

وَعَلَی الْعَرْشِ اسْتَوَیْتَ وَعَلَی الْمُلْکِ احْتَوَیْتَ اَدْعُوْکَ دُعَآءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَسِیْلَتُہٗ

اور تو عرش پر غالب اور ملک کا مالک ہے میں تجھے اس شخص کی طرح پکار رہا ہوں جس کا سہارا کمزور

وَانْقَطَعَتْ حِیْلَتُہٗ وَاقْتَرَبَ اَجَلُہٗ وَتَدَانٰی فِی الدُّنْیَآ اَمَلُہٗ وَاشْتَدَّتْ اِلٰی رَحْمَتِکَ

اور تدبیر منقطع اور موت قریب اور دنیا میں امیدیں ختم ہو رہی ہوں اور تیری رحمت کی ضرورت شدت سے محسوس کر

فَاقَتُہٗ وَعَظُمَتْ لِتَفْرِیْطِہٖ حَسَرَاتُہٗ وَکَثُرَتْ زَلَّتُہٗ وَعَثْرَتُہٗ وَخَلُصَتْ لِوَجْهِکَ تَوْبَتُہٗ

رہا ہوں اور اسکی غفلتوں کی بنا پر حسرت بڑھ گئی ہو اور لغزشیں اور ٹھوکریں بڑھ گئیں ہوں اور اس نے پورے خلوص کے ساتھ تیری بارگاہ میں توبہ پیش کی ہو

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اَهْلِ بَیْتِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَارْزُقْنِیْ ؎۱

رحمت نازل فرما محمد مصطفیٰؐ خاتم النبیینؐ اور ان کے پاک و پاکیزہ اہل بیت پر اور مجھے

شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ صُحْبَتَہٗ اِنَّکَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

شفاعت محمدؐ نصیب فرما اور مجھے ان کی صحبت سے محروم نہ رکھنا یقیناً تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِیْ فِی الْاَرْبِعَآءِ اَرْبَعًا اجْعَلْ قُوَّتِیْ فِیْ طَاعَتِکَ وَنَشَاطِیْ فِیْ عِبَادَتِکَ

اے اللہ بدھ کے روز میری چار تمنائیں پوری فرما دے تیری فرماں برداری کیلئے قوت ملے اور تیری عبادت کیلئے اُمنگ

وَرَغْبَتِیْ فِیْ ثَوَابِکَ وَزُهْدِیْ فِیْمَا یُوْجِبُ لِیْ اَلِیْمَ عِقَابِکَ اِنَّکَ لَطِیْفٌ لِّمَا تَشَآءُ

اور ثواب کیلئے شوق اور جن چیزوں سے تیرے دردناک عذاب کا سزاوار قرار پاؤں مجھے ان سے دور رکھ یقیناً جس پر تو چاہے لطف و کرم کرتا ہے

؎۱ بروزِ حساب محمدؐ و آلِ محمدؐ کی شفاعت کے حصول کیلئے سات مرتبہ پڑھے

اعمال ماہ ذوالقعدہ

☆ یہ مہینہ دعاؤں کے قبول ہونے کا مہینہ ہے اس ماہ کی پہلی جمعرات اور ہفتے کا روزہ رکھنا نوسو سال کی عبادت کے برابر فضیلت رکھتا ہے اس ماہ کی پچیسویں کے روزے کا ثواب ساٹھ مہینوں کے روزوں کے برابر اور ستر سال کی عبادت کا نعم البدل ہے (ثواب الاعمال)

☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اتوار کے دن غسل اور وضو کر کے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے تو اس کے تمام گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور وہ ایمان کے ساتھ مرے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور موت کے وقت ملک الموت نرمی کرے گا۔

☆ اس نماز کا پڑھنا نہایت ہی اجر عظیم کا موجب ہے اس نماز کے پڑھنے والے کی توبہ قبول ہوگی۔

طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید اور ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھے نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

☆ نماز اور استغفار کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے کہ موجبِ مغفرت ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَذُنُوْبَ

نہیں کوئی قوت و حرکت سوائے اللہ بلند بزرگ تر کے اے زبردست اے بہت بخشنے والے بخش دے میرے گناہ اور بخش

جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

دے تمام مؤمنین اور مؤمنات کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کے بخشنے والا نہیں ہے

دعا برائے دیارِ غیر: اگر کوئی کسی غیر مسلم ملک میں چلا جائے تو یہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ان کے شر اور برے اثرات سے محفوظ رکھے گا اور اسے کبھی بھی ان کے ساتھ جہنم میں اکٹھا نہ کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فَضَّلَنِیْ عَلَیْکَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِالْقُرْاٰنِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے حمد ہے اس اللہ کیلئے جس نے مجھے تجھ پر فضیلت دی دین اسلام کے ساتھ اور کتاب

کِتَابًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّبِعَلِیٍّ اِمَامًا وَّبِالْمُؤْمِنِیْنَ اِخْوَانًا وَّبِالْکَعْبَةِ قِبْلَةً

قرآن کے ساتھ اور پیغمبر محمدؐ کے ساتھ اور علیؑ امام کے ساتھ اور مؤمنوں کی برادری کے ساتھ اور کعبہ جیسے قبلہ کے ساتھ

دانت درد کیلئے: متاثرہ دانت یا داڑھ پر باہر سے ہاتھ رکھ کر اوّل و آخر صلوات کے ساتھ ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت اویس قرنیؓ کے بلندیٔ درجات کیلئے ہدیہ کر دیں تو فی الفور درد سے افاقہ نصیب ہوگا تجربہ شدہ ہے۔

انمول تسبیح: اوّل و آخر تین بار صلوات کے ساتھ درجِ ذیل سورۂ توبہ کی آیت کو گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہر مصیبت سے خلاصی اور مخلوق سے مستغنی ہونے کا موجب ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾

میرے لیے اللہ کافی ہے اسکے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے

اگست 2016ء

صدقہ سے شفاء

اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَاءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ دینے سے کرے۔

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہیں:۔

(1) صدقہ (2) علاج (3) پرہیز (4) ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کرکے ماتھے پر رکھنا)

☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے۔

☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں گیارہ افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں تو آپ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر اور کوئی علاج نہیں۔

☆ حضرت امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرض موت سے بچاتا ہے۔

☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہوگئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیمانے کو گندم سے بھر کر ان پر چالیس مرتبہ سورہ حمد پڑھے بعد ازآں پانی کو مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تاکہ وہ اس کی صحت یابی کیلئے دعا کرے۔

☆ مجمع الدعوات میں داؤد ابن زربی سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے صدقہ دینے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا کہ چار کلو گندم (اسکی قیمت بھی دی جاسکتی ہے) لے کر مریض کو پیٹھ کے بل لٹا کر اس کے سینے پر رکھ کر یہ دعا پڑھے بعد ازآں گندم کے چار حصے کرکے فقیروں میں تقسیم کردے (تحفۃ العوام مقبول)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ اِذَا سَئَلَکَ بِہٖ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس اسم کے کہ جب بھی اس سے تجھے پریشان

الْمُضْطَرُّ کَشَفْتَ مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّ مَکَّنْتَ لَہٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَہٗ خَلِیْفَتَکَ

نے پکارا تو نے اسکو اس کے ذریعہ سے کشادگی فرمائی اور تو نے اس کو زمین پر قابض فرمایا اور اس کو اپنی مخلوق پر اپنا

عَلٰی خَلْقِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنْ عِلَّتِیْ

خلیفہ مقرر فرمایا چاہیے کہ تو صلوات بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات اور مجھے میری مرض سے عافیت عطا فرما

ہرمل سے شفاء

☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی القدر ہے کہ ہرمل کے پودے کے پتوں اور دانوں میں ستر بیماریوں کی شفا ہے (مفاتیح الجنان)

☆ حکیم ادریس بیلی مجمع الاعمال میں لکھتے ہیں کہ ہرمل کے سفوف کو گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے سل و دق، زکام، کھانسی، دمہ سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ مستورات کے مخصوصہ امراض کیلئے ایک مفید دوا ہے دق الاطفال (سوکڑا، مسان) اٹھرا کیلئے اکسیر ہے

☆ حکیم جالینوس اپنے قصائد میں لکھتے ہیں کہ ہرمل کو حسب ضرورت بریان کرکے اس کے سفوف کو گائے کے دودھ میں ملا کر پئیں تو دماغی ہیجان کو کم کرتا ہے اور دیوانگی کیلئے مفید ہے

☆ جریان واحتلام و سرعت انزال کیلئے عجیب الاثر دوا ہے اعضائے رئیسہ وشریفہ کی کمزوریوں کو دور کرتا ہے مراق (سودا) کے خاتمہ کیلئے تسکین بخش ہے۔ کشف الاسرار میں درج ہے کہ وضع حمل کی دشواری کے وقت ہرمل کے چند دانے عورت کی ران پر باندھ دیں تو وضع حمل میں آسانی ہوگی۔ صاحب شرح اسمائے الٰہی بیان کرتے ہیں کہ ہرمل کا دخنہ (دھونی) فقر و فاقہ اور افلاس سے خوشحالی و فارغ البالی کا موجب ہے گھر دوکان کارخانہ دفتر میں اس کی دھونی سے تہ و بالا کاروبار کشادہ ہوجاتا ہے۔ جن خواتین و حضرات کی شادی نہ ہورہی ہو وہ ہرمل کو پانی میں جوش دے کر غسل کریں تو شادی کی بندش دور ہوجاتی ہے اور عقد بندی کے عذاب سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ چہرے پر کیل مہاسے اور چھائیوں کے ازالہ کے لئے دو ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ روزانہ استعمال کرنے سے چہرے کی بے رونقی و پژمردگی زائل ہوجاتی ہے۔ طلسمات رفیق میں ہے کہ ہر قسم کے دردوں کے لئے زیتون کے تیل میں ہرمل کا سفوف ملا کر مالش کرنا از حد مفید اور افاقہ کا موجب ہے۔ مریض کو ہرمل کے دانے چٹکی بھر کھلانا گلے میں باندھنا اور دھونی دینا شفایابی کا موجب ہے۔

پرہیز سے شفاء: حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اپنی بیماریوں کا علاج پرہیز سے کرو پرہیز علاج سے بہتر ہے اس کا اثر ایک مدت تک باقی رہتا ہے۔ ☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر بیماری میں کم از کم دس دن پرہیز ضرور کرو ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ پرہیز اسے نہیں کہتے کہ اس چیز کو بالکل نہ کھایا جائے بلکہ اس چیز کو کم کھانے کا نام پرہیز ہے۔

عقیقہ سے شفاء

☆ منقول ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے ساتویں روز امام حسین علیہ السلام کا عقیقہ کیا

☆ عقیقہ سنتِ مؤکدہ ہے ساتویں دن بہتر ہے یہ تا حد بلوغ باپ پر سنت ہے بعد میں خود کرے

☆ بچہ کے بال منڈوا کر ان بالوں کے برابر چاندی یا چاندی کی رقم صدقہ کرے۔

☆ عقیقہ کے جانور میں قربانی والے جانور کی شرائط کا ہونا مستحب ہے۔

☆ عقیقہ کے جانور میں عمر کا کوئی اعتبار نہیں چھ ماہ سے کم بھی درست ہے۔

☆ اس کا عیوب سے محفوظ ہونا مستحب ہے شرط نہیں لہٰذا لنگڑا اندھا بھی جائز ہے۔ (المسائل الدینیہ السید محسن حکیمؒ)

☆ گوشت کم از کم دس مؤمنوں یا زیادہ کو کھلائیں یا کچا تقسیم کردیں۔

☆ والدین اور وہ گھر کے افراد جو والد کی کفالت میں ہوں عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں۔

☆ سری پائے اور کھال صدقہ کرے۔ قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆ بوقت ذبح درج ذیل دعا پڑھے (لکیر سے اوپر والا صیغہ لڑکے کیلئے اور نیچے والا لڑکی کیلئے ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ عَقِیْقَۃٌ عَنْ (لڑکا یا لڑکی کا نام لے) لَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ / بِلَحْمِھَا وَدَمُھَا بِدَمِہٖ / بِدَمِھَا

اللہ کے نام سے اور اللہ کی مدد سے اے اللہ عقیقہ فلاں سے ہے اسکا گوشت اسکے گوشت کیلئے اور اسکا خون اسکے خون کیلئے اور اسکی ہڈیاں

وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ / بِعَظْمِھَا وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ / بِشَعْرِھَا وَجِلْدُھَا بِجِلْدِہٖ / بِجِلْدِھَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا وِقَآءً لِّمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اسکی ہڈیوں کیلئے اور اسکے بال اسکے بالوں کیلئے اور اسکی کھال اسکی کھال کیلئے ہے اے اللہ تو اس کو قرار دے محمدؐ و آل محمدؐ کے ساتھ ہونے کا

☆ دعا کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ذبح کیا جائے اور ذبح کرنے کے بعد صلوات پڑھ کر یہ کہے اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ (من کے بعد مریض اور اسکے باپ کا نام لے)

نوٹ: مشاہدہ ہے کہ کئی مقامات پر سادات غیر سادات کا عقیقہ نہیں کھاتے عقیقہ صدقہ نہیں ہے

☆ تمام مراجع عظام متفق ہیں کہ غیر سیّد کا عقیقہ سادات کھا سکتے ہیں۔

صدقہ: واجبی صدقے فقط دو ہیں (1) زکوٰۃ (2) فطرانہ۔

☆ غیر سادات کا واجبی صدقہ سادات پر حرام ہے۔

قربانی سے شفاء

اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِھِمَا (المائدہ ۲۷) (جب ان دونوں نے اللہ کی بارگاہ میں قربانی دی تو ان میں سے ایک کی قبول ہوئی)

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ بیمار کی شفایابی کی نیت سے ایک بکرا یا دنبہ لے کر درج ذیل دعا کو تین بار پڑھ کر قربانی کے منہ پر دم کریں اور قربانی کو چھت کے نیچے ذبح کریں خون کو گڑھے میں ڈالیں سری کو زمین میں دفن کریں اوجھڑی نکالنے سے پہلے پائے نہ کاٹیں گوشت کے ستاون ٹکڑے کرکے فقراء میں تقسیم کریں۔

☆ ذبح کرنے سے پہلے یہ درج ذیل دعا پڑھے (لکیر سے اوپر والا صیغہ لڑکے کیلئے اور نیچے والا لڑکی کیلئے ہے)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہِ الشَّاۃُ لَکَ وَمِنۡ فَضۡلِکَ وَکَرَمِکَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ یہ قربانی تیرے لئے ہے اور تیرے فضل و کرم سے ہے

وَصَلِّ اِلَیَّ وَاَنَا اَفۡدِیۡھَا بِعَبۡدِکَ / بِاَمَتِکَ (اسکے بعد مریض یا مریضہ کا نام لے) اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا

اور مجھ پر رحمت بھیج اور میں اسے فدا کرتا ہوں تیرے بندے کیلئے............ اے اللہ بیشک یہ

فِدَاؤُہٗ / فِدَاؤُھَا لَحۡمُہٗ بِلَحۡمِہٖ / بِلَحۡمِھَا وَدَمُہٗ بِدَمِہٖ / بِدَمِھَا اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلۡ مِنِّیۡ کَمَا تَقَبَّلۡتَ مِنۡ خَلِیۡلِکَ

اسکا فدیہ ہے اسکا گوشت اسکے گوشت کے بدلے اسکا خون اسکے خون کے بدلے اے اللہ ہم سے قبول فرما جس طرح تو نے اپنے

اِبۡرَاھِیۡمَ حِیۡنَ فَدَاءً لِوَلَدِہٖ اِسۡمَاعِیۡلَ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ رَّسُوۡلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنَّ

خلیل ابراہیم سے اس کے بیٹے اسماعیل کے بدلے فدیہ قبول فرمایا محمد رسول اللہ کے صدقے سے اے اللہ بیشک

ھٰذِہٖ لَکَ اِنَّہٗ فِدَاؤُہٗ / فِدَاؤُھَا فَتَقَبَّلۡہُ مِنِّیۡ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

یہ تیرے لئے ہے بیشک یہ اس کا فدیہ ہے اس کو ہم سے قبول فرما اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے

برائے ہیضہ وقے: درج ذیل اسم اعظم امیر المومنین سے منسوب ہے ہر قسم کی بیماریوں اور وبائی امراض بالخصوص اسہال وقے کی شفایابی کیلئے زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر پرانے سے پرانے پاک کپڑے میں باندھ کر گلے یا بازو میں باندھے اور گھول کر پیئے تو فوراً شفایاب ہوگا

ھھھھھ ///× ۶۶۶۶۶۶۶۶۶ و ھھ صم (گل ہائے ارغوان)

برائے بخار

تعویذ برائے بخار: تپ یا لرزہ کیلئے حضرت امام رضا علیہ السلام کے ہاتھوں کا لکھا ہوا تعویذ تین کاغذوں یا چینی کی پلیٹوں پر زعفران سے لکھے اور ہر روز ایک تعویذ پانی میں دھو کر پلائے تو بخار سے صحت و تندرستی کا موجب ہے۔

پہلے روز: لَا تَخَفۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰی (طٰہٰ۔۶۸)

دوسرے روز: لَا تَخَفۡ نَجَوۡتَ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ (القصص۔۲۵)

تیسرے روز: اَلَا لَہُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ (الاعراف۔۵۴)

عمل آیات تخفیف: ہر قسم کے بخار سے صحت یابی کیلئے درج ذیل ''آیاتِ تخفیف'' لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اور اوّل و آخر صلوات کے ساتھ سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر تین دن متواتر پلائے تو تپ لرزہ و باری کے بخار وغیرہ سے فوراً تخفیف کا موجب ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ یُرِیۡدُ اللّٰہُ اَنۡ یُّخَفِّفَ عَنۡکُمۡ ۚ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ ضَعِیۡفًا ﴿۲۸﴾

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ چاہتا ہے کہ تم سے تخفیف کردے کیونکہ آدمی تو کمزور پیدا ہی کیا گیا ہے (النساء:۲۸)

ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَرَحۡمَۃٌ ؕ اَلۡـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنۡکُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِیۡکُمۡ ضَعۡفًا ؕ

یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے آسانی اور مہربانی ہے (البقرہ:۱۷۸) اب اللہ نے تم سے تخفیف کردی ہے اور دیکھ لیا کہ تم میں یقیناً کمزوری ہے (الانفال:۶۶)

محمدی تعویذ: ہر قسم کے بخار کے دفعیہ کیلئے یہ چار آیات کہ جن میں اسم (مُحَمَّدٌ) آیا ہے زعفران سے لکھے اور دھو کر مریض کو پلائے اور چودہ رمضان کو لکھ کر باندھے تو تمام دردوں سے نجات پائیگا

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوۡلٌ ۚ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِہِ الرُّسُلُ ؕ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنۡ

اور محمدؐ تو صرف رسول ہیں ان سے پہلے اور بھی بہتیرے پیغمبر گزر چکے ہیں (سورۂ آل عمران:۱۴۴) محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں

رِّجَالِکُمۡ وَلٰکِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوۡا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

بلکہ اللہ کے رسول ہیں (سورۂ احزاب:۴۰) اور جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اچھے کام کیے اور ایمان لائے جو محمدؐ پر ان کے پروردگار کی طرف سے نازل ہوئی

وَّھُوَ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّھِمۡ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیۡنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الۡکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیۡنَھُمۡ

اور وہ ان کے رب کی طرف سے برحق ہے (سورۂ محمد:۲) محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ انکے ساتھ ہیں کافروں پر بڑے سخت آپس میں رحم دل ہیں (سورۂ فتح:۲۹)

برائے بخار، بلڈ پریشر: یہ آیات پانی پر ۱۴ بار پڑھ کر پلانا بخار اور بلڈ پریشر کیلئے موجب شفاء ہے

یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ ﴿۶۹﴾ وَاَرَادُوۡا بِہٖ کَیۡدًا فَجَعَلۡنٰھُمُ الۡاَخۡسَرِیۡنَ ﴿۷۰﴾

اے آگ تو ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی کا باعث ہو جا اور انہوں نے انکے ساتھ چالبازی کرنی چاہی تو ہم نے ان کو ناکام کر دیا (الانبیاء۔۶۹۔۷۰)

برائے بخار: فوائد القرآن میں مرقوم ہے کہ ایک شخص امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کی کہ تپ میں مبتلا ہوں تو آپ نے فرمایا کہ اپنا گریبان کھول اور گریبان میں اپنا سر داخل کر کے آذان و اقامت کہہ کر سات مرتبہ سورۃ الحمد پڑھ لے تمہارا بخار اتر جائے گا۔

خاتمہ اثرات زہر: زہریلے اثرات کے خاتمہ کیلئے سورۃ الحمد اس طرح پڑھے (اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ) کو سات مرتبہ دہرا کر سورۃ مکمل کر کے غذا پر دم کر لیا کرے تو غذا کے زہریلے اثرات سے محفوظ رہیگا

دعائے نور صغیر: حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت فاطمۃ الزہراؑ نے ایک دعا تعلیم فرمائی کہ اگر تجھے زندگی میں بخار ہو تو اس دعا کو پڑھا کرو۔

☆ حضرت سلمان فارسیؓ روایت کرتے ہیں کہ میرے علاوہ مکہ و مدینہ کے ہزاروں لوگوں کو اس دعا نے بخار سے نجات دی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ بِسۡمِ اللّٰہِ النُّوۡرِ بِسۡمِ اللّٰہِ النُّوۡرِ النُّوۡرِ بِسۡمِ اللّٰہِ نُوۡرٌ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ کے نام کا سہارا لیتا ہوں جو نور ہے اللہ کے نام کا سہارا جو نوری نور ہے اس اللہ کے نام کا سہارا جو نور

عَلٰی نُوۡرٍ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ ھُوَ مُدَبِّرُ الۡاُمُوۡرِ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ النُّوۡرَ مِنَ

بالائے نور ہے اس اللہ کے نام سے جو کاموں کا سنوارنے والا ہے اس اللہ کے نام کا سہارا کہ جس نے نور کو نور سے

النُّوۡرِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ النُّوۡرَ مِنَ النُّوۡرِ وَاَنۡزَلَ النُّوۡرَ عَلَی الطُّوۡرِ فِیۡ

پیدا کیا تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے نور کو نور سے پیدا کیا اور نور کو کوہ طور (پہاڑ) پر نازل کیا ایک لکھی ہوئی

کِتَابٍ مَّسۡطُوۡرٍ فِیۡ رِقٍّ مَّنۡشُوۡرٍ بِقَدَرٍ مَّقۡدُوۡرٍ عَلٰی نَبِیٍّ مَّحۡبُوۡرٍ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

کتاب میں ایک پھیلے ہوئے ورق میں اندازے کے مطابق ایک دانشمند پیغمبر پر، تمام تعریفیں اسی کیلئے ہیں

الَّذِیۡ ھُوَ بِالۡعِزِّ مَذۡکُوۡرٌ وَّبِالۡفَخۡرِ مَشۡھُوۡرٌ وَّعَلَی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشۡکُوۡرٌ

جو عزت سے ذکر کیا گیا اور فخر کے ساتھ مشہور ہے اور جس کا تنگی اور فراخی میں شکر کیا جاتا ہے

وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیۡنَ

اور رحمت ہو اللہ کی ہمارے آقا محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ پر

برائے شوگر

☆ ہر روز تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام درج ذیل آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے گا تو انشاء اللہ شوگر جاتی رہے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میرے رب مجھے (جہاں) پہنچا اچھی طرح پہنچا اور مجھے (جہاں سے) نکال اچھی طرح سے نکال اور مجھے

لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَزَھَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ کَانَ زَھُوۡقًا ﴿۸۱﴾

اپنی بارگاہ سے ایک مددگار عطا فرما کہہ دو کہ حق آ گیا اور باطل نیست و نابود ہوا اس میں شک نہیں کہ باطل مٹنے والا ہی تھا

وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ وَلَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

اور ہم قرآن میں وہی نازل کرتے ہیں جو مومنوں کیلئے شفاء و رحمت ہے نافرمانوں کو گھاٹے کے سوا کچھ بڑھاتا ہی نہیں (بنی اسرائیل ۸۰ تا ۸۲)

☆ شوگر جیسی موذی بیماری سے چھٹکارے کے لئے درج ذیل آیت مجیدہ کو اوّل و آخر صلوات کے ساتھ سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر ہر روز پی لیا کرے تو شوگر کا خاتمہ ہوگا۔

وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَیۡھِمۡ وَلَا تَکُ فِیۡ ضَیۡقٍ مِّمَّا یَمۡکُرُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ (النحل:۱۲۷)

اور تم صبر ہی کرو اللہ کی (مدد) کے بغیر تو تم صبر کر بھی نہیں سکتے اور ان مخالفین کے حال پر تم رنج نہ کرو اور جو مکاریاں یہ لوگ کرتے ہیں اس سے تم دل تنگ نہ ہو

تسبیح: مرض شوگر اور دیگر تمام امراض کیلئے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس تسبیح اسمائے حسنیٰ کو پڑھے تو تمام ظاہری و باطنی امراض کیلئے مفید ہے۔

